بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ

مُسلسل اِشاعت کے 61 سال

مجلس تحفظِ ختمِ نبوت کا ترجمان

ماہنامہ

لولاک

ملتان

شمارہ: 4

جلد: ۲۸

اپریل 2024ء

شوال المکرم ۱۴۴۵ھ

Email:
khatmenubuwwat@ymail.com

جنگِ آزادی میں قادیانی جماعت کا شرمناک کردار

اکتیسواں سالانہ ختمِ نبوت کورس چناب نگر

www.khatm-e-nubuwwat.com, www.lolaak.clickhere2.net, www.laulak.info

ماہنامہ لولاک ملتان

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

شمارہ: ۴ جلد: ۲۸

بیاد

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ
مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ
مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھریؒ
مناظر اسلام مولانا لال حسین اخترؒ
حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ
خواجۂ خواجگان حضرت مولانا خان محمد صاحبؒ
حضرت مولانا عبدالرحمن میانویؒ
فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیاتؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہؒ
حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ
حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی احمد الرحمنؒ
حضرت مولانا عبدالرحیم اشعرؒ
پیر طریقت حضرت مولانا شاہ نفیس الحسینیؒ
حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ
حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندرؒ
حضرت مولانا مفتی محمد جمیل خانؒ
حضرت مولانا محمد شریف بہاولپوریؒ
حضرت مولانا سعید احمد صاحب جلالپوری شہیدؒ
صاحبزادہ طارق محمودؒ
مولانا محمد اکرم طوفانیؒ

مجلس منتظمہ

مولانا غلام رسول دینپوری	مولانا محمد اسماعیل شجاعبادی
علامہ احمد میاں حمادی	مولانا فقیر اللہ اختر
مولانا مفتی حفیظ الرحمن	مولانا محمد طیب فاروقی
مولانا قاضی احسان احمد	مولانا محمد اسحاق ساقی
مولانا مفتی محمد راشد مدنی	مولانا محمد وسیم اسلم
مولانا محمد حسین ناصر	چوہدری محمد اقبال
مولانا محمد قاسم رحمانی	مولانا عبدالرزاق
مولانا عبدالرشید غازی	مولانا محمد اویس

بانی: مجاہد ختم نبوۃ حضرت مولانا تاج محمودؒ رحمۃ اللہ علیہ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا حافظ محمد ناصر الدین خاکوانی صاحب

زیر سرپرستی: حضرت مولانا سید سلیمان یوسف بنوری صاحب

نگرانِ اعلیٰ: حضرت مولانا عزیز الرحمن جالندھری

نگران: حضرت مولانا اللہ وسایا

چیف ایڈیٹر: حضرت مولانا عزیز احمد

حضرت مولانا مفتی محمد شہاب الدین پوپلزئی

ایڈیٹر: صاحبزادہ حافظ مبشر محمود

مرتب: مولانا عزیز الرحمن ثانی

کمپوزنگ: یوسف ہارون

ناشر: عزیز احمد مطبع: تشکیل نو پرنٹرز ملتان
مقام اشاعت: جامع مسجد ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

رابطہ: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ

حضوری باغ روڈ، ملتان فون: 0333-8827001, 061-4783486

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

کلمۃ الیوم

اکتیسواں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر	مولانا اللہ وسایا	03

مقالات ومضامین

آنحضرت ﷺ بحیثیت شوہر	حکیم محمد سعید	07
فتح مکہ کے عظیم واقعہ نے رمضان کی تاریخی عظمت کو دوبالا کیا	مولانا عبدالوہاب	12
رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف کی فضیلت	مولانا محمد زکریا کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ	16
سفر کی مسنون دعائیں	مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی	20
تعارف مجموعہ کتب عقیدہ حیات النبی ﷺ	حافظ محمد انس	21
انتخاب لاجواب	؍؍ ؍؍	25

شخصیات

مولانا عصمت اللہ چل بسے	مولانا محمد ساجد	27
مولانا غلام جعفر اٹھارہ ہزاری جھنگ کا وصال	مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی	28
مولانا قاری غلام محمود انوراوکاڑہ کا وصال	مولانا عبدالرزاق مجاہد	29

ردقادیانیت

جنگ آزادی میں قادیانی جماعت کا شرمناک کردار	مولانا معز الدین	30
قادیانیوں کی قانونی ودینی حیثیت (قسط:9)	جناب رفیق گوریجہ ملتان	35
قادیانیوں سے چند سوالات	مولانا عتیق الرحمٰن	39

متفرقات

سالانہ ختم نبوت کانفرنس سرائے نورنگ ضلع لکی مروت	مولانا محمد ابراہیم ادھمی	41
جماعتی سرگرمیاں	ادارہ	43
اکتیسواں ختم نبوت کورس چناب نگر......شرکاء کرام	مولانا محمد وسیم اسلم	48

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کلمۃ الیوم

اکتیسواں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر

امسال اکتیسواں سالانہ ختم نبوت کورس مدرسہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر میں ۷فروری ۲۰۲۴ء سے ۲مارچ ۲۰۲۴ء بمطابق ۲۶ رجب تا ۲۰ شعبان ۱۴۴۵ھ کو منعقد ہوا۔قبل ازیں کورس رجب کے آخری روز اور شعبان کے پہلے چند روز میں شروع ہوتا تھا۔ امسال ۸فروری ۲۰۲۴ء کو ملک میں عام انتخابات تھے۔اس لئے وفاق المدارس نے امتحانات ایک ہفتہ قبل منعقد کئے۔مجلس کا کورس بھی ایک ہفتہ قبل منعقد ہوا۔ پہلے اگر ۲۵ شعبان کو کورس ختم ہوتا تھا تو امسال ۲۰ شعبان کو ختم ہوا۔ نیز یہ کہ ۵فروری کو وفاق کا امتحان ختم ہوا۔ ۷فروری کو ہمارے کورس کا آغاز ہوا جب کہ ۸فروری کو عام انتخابات تھے۔پہلے دو دن داخلہ جاری رکھتے تھے۔ اس دفعہ چار دن (۱۰فروری شام تک) داخلہ جاری رکھا گیا۔تاکہ انتخابات سے فارغ ہوکر دوست کورس میں شرکت کرسکیں۔ ان ہنگامی ضرورتوں کے باعث کہ ۸فروری کو انتخابات ۷فروری کورس کا آغاز شاید نہ ہو پائے۔لیکن اللہ تعالیٰ نے کرم کیا کہ ۶فروری کی شام بیس پچیس شرکاء آگئے۔رات کو اسلام آباد راولپنڈی سے پچاس رفقاء کا قافلہ سپیشل کوچ پر پہنچ گیا۔ ۷فروری کو اسّی سے زائد حضرات پر مشتمل کلاس کی تعلیم کا آغاز کردیا گیا۔اسی دن دوپہر کو کراچی وسندھ سے تین صد نوے حضرات شرکاء کا قافلہ ٹرین سے آگیا۔رونق ہوگئی ۱۰شام تک شرکاء آتے رہے۔ ۱۱فروری صبح کو گیارہ سو اٹھہتر (۱۱۷۸) رفقاء کا داخلہ ہوگیا اور داخلہ بند کردیا۔

بعض محض انگلی کٹا کر شہداء میں نام لکھوانے کے لئے، بعض بیماری، شادی، امتحان یا کسی مجبوری سے اجازت لیتے، بعض امتحان میں فیل ہوگئے، بعض حضرات کا زیادہ ناغہ ہوگیا تو ان کے نام خارج کردیئے جاتے۔گیارہ سو پانچ حضرات امتحان میں کامیاب ہوئے جن کو اسناد جاری کی گئیں۔کورس میں مندرجہ ذیل حضرات نے اسباق پڑھائے۔

اسباق و لیکچرز

فقیر: اللہ وسایا ملتان، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی ملتان، مولانا مفتی محمد راشد مدنی رحیم

یارخان، مولانا غلام رسول دین پوری چناب نگر، مولانا مفتی محمد اعجاز مصطفیٰ کراچی، مولانا مفتی محمد حسن لاہور، مولانا خالد محمود لاہور، مولانا مفتی محمد رضوان عزیز عارف والا، مولانا امیر حمزہ بہاول نگر، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی لاہور، مولانا محمود عالم صفدر اکاڑہ، مولانا محمد شاہد ندیم چناب نگر، مولانا مفتی شاہد مسعود سرگودھا، مولانا نور محمد ہزاروی سرگودھا، مولانا خالد عابد سرگودھا، جناب خالد مسعود ایڈووکیٹ تلہ گنگ، مولانا مفتی محمد دین ٹل، مولانا توصیف احمد چناب نگر، مولانا فضل الرحمٰن منگلا شیخوپورہ، مولانا عتیق الرحمٰن ملتان اور مولانا محمد وسیم اسلم ملتان۔

الحمدللہ! حسب سابق یومیہ ۸ بجے سے ۱۲ بجے، ظہر تا عصر، اور بعد عشاء تعلیم جاری رہی۔ امسال عشاء کے بعد ہر روز تقاریر کا سلسلہ، پروجیکٹر پر تعلیم اور خطابت کورس بھی رکھا گیا۔ بیس بیس طلباء کے ساٹھ گروپ بنائے گئے روز سب کے بیانات ہوئے۔ آخر پر ہر گروپ سے ایک ایک ساتھی لے کر حسب سابق تقریری مقابلہ بھی ہوا جس میں پوزیشن لینے والے حضرات کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

پوزیشن تقریری مسابقہ

پوزیشن	رول نمبر	اسمائے گرامی مع ولدیت	ضلع
اول	۴۸	زاہد حلیم بن حلیم اللہ	بٹگرام
دوم	۶۹۹	علی عثمان بن عاشق حسین	چنیوٹ
سوم	۷۶۷	عبدالقادر بن غلام رسول	کراچی

تحریری امتحانات میں پوزیشن لینے والے حضرات کے اسماء گرامی

اس سال کورس میں ۲۶۲ مدراس کے طلباء، فارغ التحصیل علماء کرام اور مدرسین حضرات نے داخلہ لیا۔ گیارہ صد پانچ حضرات کو اسناد جاری کی گئیں۔ تین امتحانات ہوئے ہر ہفتہ کا نصاب جمعرات شام سے بدھ شام تک پڑھایا جاتا رہا۔ جمعرات کو پہلے وقت امتحان ہوتا۔ البتہ آخری اور تیسرا پرچہ جمعہ کو ہوا۔ چنانچہ ۱۵ و ۲۲ فروری اور یکم مارچ کو تین امتحانی پیپرز ہوئے۔ امسال تعداد اتنی زیادہ تھی کہ دو امتحان بجائے جامع مسجد ختم نبوت کے مدرسہ جدید کے صحن میں منعقد کرنے پڑے پورا پنڈال امتحان گاہ تھی۔ جو ایک قابل دید نظارہ تھا۔ البتہ تیسرے اور آخری امتحان کے وقت بارش ہوگئی تو جدید مدرسہ کے سینکڑوں فٹ لمبے دونوں برآمدوں میں چار لائنوں میں امتحان دینے والوں کو نشستیں مہیا کی گئیں۔ پھر بھی شرکاء بچ گئے۔ تو مسجد کے ہال اور برآمدوں میں لائنوں کی شکل میں حضرات شرکاء کو بٹھایا گیا۔ العظمة لله ولرسوله. سبحان

اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم! تینوں تحریری امتحانوں کے نمبرات جمع کر کے اول، دوم، سوم پوزیشن جن خوش نصیب حضرات نے حاصل کی۔ان کے اسماء گرامی یہ ہیں:

پوزیشن تحریری امتحان

پوزیشن	رول نمبر	اسمائے گرامی مع ولدیت	ضلع
اول	۱۰۳۲	احسان اللہ بن ناصر خان	پشاور
دوم	۷۷	حضرت بلال بن نظر محمد	کوئٹہ
سوم	۹۱۰	محمد سلیمان خان بن محمد فولاد	راولپنڈی

تقریب انعامات واسناد

۲ مارچ ۲۰۲۴ء بروز ہفتہ صبح ساڑھے آٹھ بجے مہمان خصوصی، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی راہنما اور خانقاہ سراجیہ کے گدی نشین مولانا صاحبزادہ خلیل احمد صاحب مدظلہم کی زیر صدارت تقریب اسناد و انعامات کا آغاز ہوا۔

مولانا عزیز الرحمٰن ثانی نے نقابت کے فرائض سرانجام دیئے۔ تلاوت ونظم کے بعد مولانا عزیز الرحمٰن رحیمی، شیخ الحدیث جامعہ دارالقرآن کا جامع اور فاضلانہ بیان ہوا۔مندرجہ ذیل حضرات نے اختتامی تقریب میں شرکت کر کے شرکاء کورس کو کتب واسناد پیش کیں:

صاحبزادہ خواجہ خلیل احمد خانقاہ سراجیہ۔حضرت مولانا عزیز الرحمٰن رحیمی فیصل آباد۔حضرت مولانا سیف اللہ خالد چنیوٹ۔مولانا قاری عبدالحمید حامد چنیوٹ۔مولانا حکیم احمد حسن چنیوٹ۔صاحبزادہ مولانا ضیاء الحق پوتا مولانا منظور احمد چنیوٹی۔جناب خالد مسعود ایڈووکیٹ تلہ گنگ۔جناب تیمور لالی، ایم پی اے، لالیاں۔حافظ اللہ بخش پرو آ ڈیرہ اسماعیل خان۔جناب عدنان بٹ چناب نگر۔مولانا یاسر حقانی چارسدہ۔مولانا مقصود چارسدہ۔جناب مٹھو لالی چناب نگر۔میاں اشفاق احمد چارسدہ۔مولانا طاہر چنیوٹی۔احباب مانسہرہ۔مفتی محمد فیصل چینوٹ، مولانا محمد حسین ناصر سکھر۔جناب محمد زمان پنوں عاقل۔قاری عبدالقادر امیر مجلس پنوں عاقل۔جناب غلام شبیر پنوں عاقل۔پیر میاں رضوان نفیس لاہور۔قاری ابوبکر صاحب شیخوپورہ۔مولانا عنایت اللہ کوئٹہ اور مولانا فقیر اللہ اختر سیالکوٹ نے اپنے ہاتھوں شرکاء کورس کو انعامات میں گلستان ختم نبوت کے گلہائے رنگا رنگ کا مکمل پانچ جلدوں کا سیٹ یا مقدمہ بہاول پور (تین جلدیں) اور عدالتی فیصلے (دو جلد) کے سیٹ پیش کئے۔امسال وظیفہ پانچ صد کی بجائے ایک ہزار روپیہ تمام شرکاء کو

دیا گیا۔ آخری ایمان پرور خطاب حضرت مولانا صاحبزادہ خلیل احمد صاحب کا ہوا۔ آپ کی دعاء پر تقریب اختتام پذیر ہوئی اور دوپہر کے کھانے کے بعد قافلوں کی بسوں، ویگنوں، اور ٹرین کے ذریعہ واپسی ہوئی۔ مغرب کے قریب جاکر قافلوں کی واپسی کا عمل مکمل ہوا۔ الحمدللہ والشکر للہ تعالیٰ!

ختم نبوت کانفرنسوں کا انعقاد

امسال سالانہ ختم نبوت کورس کے دوران ختم نبوت کانفرنسوں میں بھی شرکت کا موقع ملا۔

۵فروری ختم نبوت کانفرنس بھسین بارڈر لاہور	۱۱فروری سالانہ ختم نبوت کانفرنس اٹک
۱۵فروری ختم نبوت کانفرنس سرگودھا	۱۶فروری خطبہ جمعہ کوٹلہ ارب علی خان
۱۶فروری بعد عشاء ختم نبوت کانفرنس ڈنگہ گجرات	۱۸فروری ختم نبوت کانفرنس پچتند
۲۰فروری ختم نبوت کانفرنس سرگودھا	۲۲فروری سالانہ ختم نبوت کانفرنس حافظ آباد
۲۳فروری خطبہ جمعہ حسن آباد ڈھیری راولپنڈی	۲۳فروری بعد مغرب ختم نبوت کانفرنس راولپنڈی
۲۴فروری تقریب جامع مسجد الرشید راولپنڈی	۲۵فروری سالانہ تقریب چنیوٹ واوکاڑہ
۲۶فروری ختم نبوت کانفرنس چکوال	۲۷فروری سالانہ ختم نبوت کانفرنس خانیوال
۲۹فروری ختم نبوت کانفرنس قائدآباد خوشاب	۳مارچ سالانہ ختم نبوت کانفرنس سرائے نورنگ
۵مارچ سالانہ ختم نبوت کانفرنس جمال پور	۶مارچ جلسہ مدرسہ ناصر العلوم دھنوٹ لودھراں

ضروری نوٹ

۲۰۲۴ء کے عام انتخابات اور جناب قاضی فائز عیسیٰ چیف جسٹس آف پاکستان کے قادیانی ملزم کی ضمانت کے متنازعہ فیصلہ کے لئے اگلے شمارے کا انتظار فرمائیں۔

ناموس رسالت ریلی بنوں

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت اور جمعیت علماء اسلام بنوں کے زیراہتمام ۲۳فروری ۲۰۲۴ء کو جامع مسجد غلام جیلانی سے ایک عظم الشان ریلی نکالی گئی۔ ریلی کے شرکاء نے چیف جسٹس کے حالیہ متنازعہ فیصلے کے خلاف بنوں پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا۔ ریلی کی قیادت ضلعی امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بنوں مولانا مفتی عظمت اللہ سعدی اور جنرل سیکرٹری جمعیت علماء اسلام بنوں حاجی محمد نیاز خان نے کی۔ ریلی کے شرکاء کے لئے مولانا قاری گل عظیم نے ہدایات جاری کیں۔ ریلی کے شرکاء سے مختلف علماء نے خطابات کئے۔ ریلی میں قرارداد پیش واختتامی دعا مولانا مفتی عظمت اللہ سعدی نے کی۔

آنحضرت ﷺ بحیثیت شوہر

حکیم محمد سعید

آنحضرت ﷺ انسان کامل تھے، آپ ﷺ کی زندگی کا ہر گوشہ اور آپ ﷺ کے کردار کا ہر رخ مسلمان کے لئے نمونہ اور اسوہ ہے۔ خدائے بزرگ نے آپ ﷺ کو انسانوں میں پیدا کیا اور انسانوں ہی کی طرح پیدا کیا اور آپ ﷺ نے انسانوں کی طرح سے اپنی پوری زندگی گزاری۔ آپ ﷺ بیٹے بھی تھے اور باپ بھی، شوہر بھی تھے اور بھائی بھی، عمر میں چھوٹے بھی، بزرگ بھی۔ آپ ﷺ نے تجارت بھی کی اور فوجیں بھی لڑائیں، حکمرانی بھی کی اور محنت کشی بھی۔ آپ ﷺ ہر حیثیت سے شاہراہ حیات پر ایسے نقوش قدم چھوڑ گئے جو قیامت تک ہم لوگوں کے لئے نمونہ اور معیار بنے رہیں گے "لقد کان لکم فی رسول الله اسوة حسنة" بے شک تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کی زندگی قابل تقلید نمونہ ہے۔ (الاحزاب:۲۱)

چنانچہ ایک شوہر اور رفیق حیات کی حیثیت سے آنحضرت ﷺ کا جو کردار ہے وہ ہر شوہر کے لئے ایک نمونے کا کردار ہے۔ اس سلسلے میں سب سے پہلے مسلمان شوہروں کے لئے آپ ﷺ کے چند احکامات سماعت فرمائیے: "خیرکم خیرکم لاهله" تم میں سب سے بھلا آدمی وہ ہے جو اپنے اہل خانہ کے لئے بھلا ہو۔ (ترمذی، دارمی، ابن ماجہ)

دوسرا ارشاد: "خیارکم خیارکم لنسائهم" تم میں سب سے بھلے وہ لوگ ہیں جو اپنی بیویوں کے لئے بھلے ہوں۔ (ترمذی) ایک بار ایک ایسے صحابیؓ کو جو زہد وعبادت کی طرف زیادہ متوجہ ہونے کی وجہ سے اپنے اہل سے غافل رہتے تھے۔ آپ ﷺ نے بلوایا اور فرمایا: "ولزوجک علیک حقا" اور تمہاری رفیقہ کا بھی تم پر حق ہے۔ (بخاری)

صنف ضعیف کے حقوق کا سرکار ﷺ کو کتنا خیال تھا، اس کا اندازہ اس سے کیجئے کہ آپ ﷺ نے اپنی حیات کے آخری خطبہ حج میں جن اہم مسائل پر احکام ونصائح فرمائے تھے ان میں عورت کے حقوق کا مسئلہ بھی تھا۔ فرمایا: "لوگو! عورتوں کے حق میں میری نیک نصیحت کو مانو کہ یہ تمہارے ہاتھوں میں قید ہیں۔ تم اس کے سوا کسی بات کا حق نہیں رکھتے لیکن یہ کہ وہ کھلی بے حیائی کے کام کریں۔ اگر وہ ایسا کریں تو ان کو خواب گاہ میں علیحدہ کردو اور ان کو ہلکی مار مارو تو اگر وہ تمہاری بات مان لیں تو پھر ان پر الزام لگانے کے پہلو نہ ڈھونڈو بے شک تمہارا عورتوں پر اور عورتوں کا تم پر حق ہے۔ تمہارا حق تمہاری عورتوں پر یہ ہے کہ وہ

تمہارے بستر کو دوسروں سے پامال نہ کرائیں۔ جن کو تم پسند نہیں کرتے اور نہ تمہارے گھروں میں ان کو آنے کی اجازت دیں جن کا آنا تم کو پسند نہیں اور ہاں ان کا حق تم پر یہ ہے کہ ان کے پہنانے اور کھلانے میں نیکی کرو۔'' (ابن ماجہ) بیوی کے حقوق کی وضاحت ایک اور موقع پر ایک سوال کے جواب میں یوں فرمائی: ''بیوی کا حق شوہر پر یہ ہے کہ جب خود کھائے اس کو کھلائے جب خود پہنے اس کو پہنائے، نہ اس کے منہ پر تھپڑ مارے نہ اس کو برا بھلا کہے، نہ گھر کے علاوہ (سزا کے لئے) اس کو علیحدہ کرے۔'' (ابن ماجہ)

اختصار کے خیال سے میں نے یہ چند ارشادات نقل کئے ہیں ورنہ بیویوں کے حقوق کے سلسلے میں آپ ﷺ کے احکام و ہدایات بکثرت ہیں۔ ایک شوہر کی حیثیت سے حضور ﷺ کیسے تھے؟ اس کا جواب عرض کرنے سے پہلے ہم یہ سوچتے چلیں کہ ایک اچھے شوہر کے لئے عمومی شرائط کیا ہونی چاہئے۔

پہلی شرط یہ کہ وہ بیوی کے لئے محبت کوش ہو۔

دوسری شرط یہ کہ اس کی ضروریات اور خواہشات کا حتی الامکان پورا پورا خیال رکھے۔

تیسری شرط یہ کہ جہاں تک اس کے اصول اجازت دیں بیوی کی ان فرمائشوں اور خواہشوں کی تکمیل و تعمیل میں سعی کرے جو چاہے خود اس کے مزاج کے خلاف ہوں۔

چوتھی شرط یہ ہے کہ ازواج ایک سے زیادہ ہوں تو اپنی محبت، وقت، مال اور توجہات کو ان میں ٹھیک ٹھیک اور عادلانہ تقسیم کرے۔

اب شرائط کی روشنی میں ایک مثالی شوہر کا کردار ملاحظہ ہو:

جہاں تک شرط اوّل محبت کوش ہونے کا تعلق ہے۔ اس کے لئے تو کچھ سوچنا ہی تحصیل حاصل ہے۔ کیونکہ وہ پاک ہستی جو سراپا محبت تھی، محبت کیش تھی، جس کا پیغام محبت کا پیغام تھا، جس کا مشن محبت کا مشن تھا۔ جس نے محبت اور صرف محبت ہی کے زور پر ساری دنیا کو فتح کیا تھا۔ جسے دوستوں ہی سے نہیں دشمنوں سے بھی محبت تھی۔ ایسے محبت کیش کی محبت کوشیوں کا کیا ٹھکانہ ہوگا اور وہ بھی اپنی ازواج مطہرات کے لئے۔ آپ ﷺ نے چھٹی صدی کے عرب معاشرے میں عورت سے جیسی محبت کر کے دکھائی اور کرنا سکھائی ہے اس کا اندازہ کرنے کے لئے سیدنا عمرؓ کا یہ قول سنئے: ''ہم لوگ اسلام سے قبل عورتوں کو کچھ نہیں سمجھتے تھے اسلام نے عورتوں کے لئے احکام نافذ کئے اور حقوق مقرر کئے۔'' (بخاری)

ان احکامات و ہدایات کا کیا اثر ہوا؟ عورت کو کیا حقوق ملے؟ اس کا جواب بھی حضرت عمرؓ اپنے اسی ارشاد کے دوسرے حصے میں دیتے ہیں: ''ایک بار میں نے اپنی بیوی کو ڈانٹا تو اس نے بھی برابر کے جواب دیئے۔'' ملاحظہ فرمایا آپ نے یہ انقلاب عظیم! جانور سے بدتر عورت کا درجہ معاشرے میں کتنا بلند ہوگیا اور

ذہن کتنے بدل گئے کہ عورت ڈانٹ سن کر خود بھی ترکی کا جواب ترکی زبان میں ہی دیتی ہے اور اصل حصہ اس داستان کا یہ ہے کہ شوہر گھر کی جھڑپ کا حال باہر کے لوگوں کو خود سنا رہا ہے۔ شکایتاً نہیں فخریہ لہجے میں۔

یہ تو سیدنا عمرؓ تھے۔ اس سے بھی دلچسپ واقعہ خود آنحضرت ﷺ کا ملاحظہ ہو۔ عورتوں کے حقوق کے اس داعی اعظم نے اپنی رفیقہ حیات کو عملاً کتنی آزادی دے رکھی تھی اور کتنے زیادہ حقوق عطا فرما رکھے تھے؟ صرف دوسروں کو نصیحتوں اور ہدایتوں تک بات ختم نہیں کی تھی۔ خود اپنے گھر میں عمل کر کے دکھایا تھا۔

ایک بار آنحضرت ﷺ اپنی حبیبہ سیدنا عائشہؓ سے مصروف کلام تھے کسی خانگی اور نجی مسئلے پر گفتگو تھی۔ لے ذرا بڑھ گئی، جذبات ذرا تلخ ہو گئے۔ سرکار ﷺ ایک تو حلیم تھے دوسرے عملاً مساوات کی تربیت کرنی تھی۔ اس لئے طرفین میں سے حضرت عائشہؓ ہی کے الفاظ میں بھی ترشی تھی اور لہجہ بھی بلند تھا۔ میاں بیوی میں ابھی یہ کارزار گرم تھا کہ حضرت ابوبکرؓ آنکلے۔ وہ ادھر سرکار ﷺ کے جانثار تھے تو ادھر حبیبہ رسول اللہ ﷺ کے پدر بزرگوار بھی۔ گویا دوچند ذمہ داری حضرت صدیقؓ نے محسوس کی اور باپ اپنی بیٹی کی سرزنش کے لئے طیش میں آگے بڑھے اور گرجے: ''ہائیں! تو رسول اللہ ﷺ کے سامنے آواز اونچی کرتی ہے۔'' اور ہاتھ بھی بلند کر دیا مگر بیٹی اپنے غضبناک باپ کی سرزنش سے صاف بچ نکلی۔ کس نے بچالیا؟ حقوق نسواں کے مبلغ اعظم بیچ میں حائل ہو گئے ﷺ۔ سلام اس پر کہ جس نے عورتوں کی دستگیری کی۔

جناب صدیق اکبرؓ کے خشم وغضب کا پارہ کتنی ہی بلندی پر نہ چڑھ گیا ہو جس فعل میں ان کے رفیق وحبیب رسول اللہ ﷺ حائل ومانع ہوں اس کی تکمیل کی انہیں کب جرات ہوسکتی تھی؟ غضب پر ادب غالب آیا اور صدیق والا مقام واپس لوٹ گئے۔ یوں میاں بیوی کی جنگ بھی اس نئے فریق کے بیچ میں کودنے سے ختم ہوگئی۔ حضور ﷺ نے فرمایا ہوگا ''کیوں حمیرا! آج تو میں نے بچا ہی لیا ورنہ ابا اچھی طرح خبر لے ڈالتے۔''

سیدہ حمیرا کھل کھلا کر ہنس دی ہوں گی اور رحمت عالم ﷺ کا قلب مبارک بھی وفور مسرت سے لبریز ہوگیا ہوگا کہ دیکھو اللہ کے فضل وکرم سے میرا مشن کس قدر کامیاب ہورہا ہے۔ یہ صنف ضعیف اپنی خودی کو پہچانتی جارہی ہے خود مجھے بھی معاف نہیں کرتی۔

جناب صدیقؓ چند روز بعد پھر کاشانہ نبوت پر حاضر ہوئے تو آج رنگ دوسرا تھا۔ مثالی زوج اور معیاری زوجہ آج حسب معمول خوش دلی اور خوش مزاجی کی حالت میں تھے۔ جناب صدیقؓ کے دل کی کلی کھل اٹھی اور عرض کیا: میں جنگ میں کود پڑا تھا اب صلح میں بھی مجھے شریک کر لیجئے۔ سرکار ﷺ مسکرا دیئے اور فرمانے لگے ''ہاں ہاں ضرور''

سرکار ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو اپنی بیویوں کے حقوق ادا کرنے پر جس طرح بار بار اور بہ تکرار متوجہ

فرمایا ہے اس کے نتیجے میں چند سال کے اندر صنف ضعیف کو جو آزادی حاصل ہوگئی تھی اس کا اندازہ بھی آستانہ نبوی کے ایک واقعہ سے ہوسکتا ہے۔ حضور ﷺ کی ازواج مطہرات کو حضور ﷺ سے بر بنائے بشریت کبھی کبھی کچھ عارضی شکوہ بھی ہو جاتا تھا۔ ممکن ہے اس رنج اور شکوے کی کوئی حقیقت اور اساس ہوتی ہی نہ ہو اور یہ ناز کا ایک انداز ہی ہوتا ہو۔ بہرحال ازواج مطہرات کبھی کبھی اپنے شکوے کا اظہار حضور ﷺ سے فرمایا کرتی تھیں۔ یہ اظہار کس شان سے ہوتا تھا؟ یہ بھی سننے کی چیز ہے۔ یہ بھی حضور ﷺ کی کامل وہر جہتی تربیت کا شاہکار ہے۔ اس انداز شکایت کی مثال خود سرکار ﷺ ہی کی زبان مبارک سے سنئے۔ آپ ﷺ نے ایک بار حضرت عائشہؓ سے فرمایا ''تم مجھ سے برہم ہوتی ہو تو میں سمجھ جاتا ہوں۔'' جناب عائشہؓ نے دریافت کیا وہ کیسے؟ فرمایا ''جب تم مجھ سے خوش رہتی ہو اور کسی بات پر قسم کھانی ہوتی ہے تو محمد ﷺ کے خدا کی قسم کہتی ہو اور جب مجھ سے خوش نہیں ہوتیں تو ابراہیم علیہ السلام کے خدا کی قسم کہتی ہو۔'' حبیبہ رسول اللہ ﷺ نے عرض کیا: ''جی ہاں رسول اللہ (میں ناخوشی میں) صرف آپ ﷺ کا نام چھوڑ دیتی ہوں۔''

سنا آپ نے؟ بیوی ناخوش ہونا بھی جان گئی ہے اور اس ناخوشی کے اظہار کی برملا جرأت بھی اس میں پیدا ہوگئی ہے۔ کیا آپ کو اس پر کوئی حیرت نہیں ہو رہی ہے؟ اگر چھٹی صدی عیسوی میں پوری دنیا کی اخلاقی ومعاشرتی حالت آپ کے سامنے ہے اور اس دور کے عرب کی عورت کی حالت زار کا نقشہ آپ بھول نہیں گئے ہیں تو آپ کی حیرت کی کوئی حد نہیں ہوگی۔ **فصلوا علیہ وسلّموا تسلیما!**

حضرت عائشہؓ اور آپ ﷺ کے سن میں بہت فرق تھا۔ ایک ذہین اور طباع اور پھر کم سن لڑکی کا مزاج، مذاق، رنگ طبیعت، انداز فکر، دلچسپیاں غرض ہر چیز ایک پختہ عمر، سنجیدہ، متین، ثقہ اور ذمے دار شوہر سے مختلف ہونی چاہئے اور پھر شوہر سرکار کا سا، جن کے دوش پر ساری دنیا کی قیادت کا بار تھا۔ جن کے دل میں ساری انسانیت کی اصلاح کا جذبہ تھا۔ جن کے ذہن میں عالم کے لئے ایک نئے اور عظیم تر انقلاب کے منصوبے پرورش پارہے تھے۔ جن کو شوق تھا آدمی کو انسان بنانے کا، جن کو فکر تھی نئے خطوط پر تشکیل جدید کی۔ مختصر یہ کہ آپ ﷺ کی دلچسپیاں حضرت عائشہؓ کی دلچسپیوں سے جدا نوعیت کی تھیں۔ یا یوں کہئے کہ ان کے مزاجوں میں اتنا ہی بعد تھا جتنا بڑھاپے اور جوانی میں بعد ہوتا ہے۔ لیکن دوسروں کے جذبات کا پاس کرنا بھی تو آپ ﷺ سکھانا چاہتے تھے۔ دوسرے کی جائز خواہشوں کو حتی الامکان پورا کرنا بھی آپ ﷺ ضروری سمجھتے تھے۔

عید کا دن تھا، چند حبشی باشندے حرم نبوی کے قریب ایک تماشہ دکھا رہے تھے۔ بہ تقاضائے عمر جناب صدیقہؓ نے یہ تماشہ دیکھنے کی خواہش ظاہر فرمائی۔ سرکار ﷺ دروازے میں کھڑے ہوگئے اور ام المؤمنین حضور ﷺ کے دوش مبارک پر ٹھوڑی رکھ کر تماشہ دیکھنے لگیں اور دیر تک دیکھتی رہیں۔ ایک بار

دریافت فرمایا: کیوں حمیرا جی نہیں بھرا؟ حبیبہ رسول اللہ ﷺ نے بے تکلف انکار فرمایا: ابھی نہیں بھرا۔ چنانچہ آپ ﷺ یونہی کھڑے رہے یہاں تک کہ خود جناب صدیقہؓ تھک کر ہٹ گئیں۔

ازدواج کے ابتدائی زمانے میں تو آستانہ نبوی میں جناب صدیقہؓ کی بہت ہی کم سن سہیلیاں جمع ہو جایا کرتی تھیں۔ سرکار ﷺ اندر تشریف لاتے تو وہ بھاگ جاتیں۔ مگر آپ ﷺ ان کو بلا لیا کرتے تھے۔ ابتدائی زمانے میں ہی حضرت صدیقہؓ گڑیاں تک کھیلا کرتی تھیں۔ آپ ﷺ نہ صرف اس کھیل میں حارج و مانع نہیں ہوتے تھے بلکہ کبھی کبھی کسی کھلونے کے متعلق سوال بھی فرما لیا کرتے تھے اور بھول پن کا کوئی جواب سن کر مسکرا دیتے۔ شادی کے چند دن بعد ایک بار خود آنحضرت ﷺ کی تحریک پر دونوں میں دوڑ کا مقابلہ ہوا۔ حضرت عائشہؓ چھریرے بدن کی تھیں، آگے نکل گئیں۔ پھر بہت دنوں کے بعد جب سیدہ کا عمر کے ساتھ بدن بھی بھاری پڑ گیا تو ایک بار پھر دوڑ ہوئی۔ اب کے میدان حضور ﷺ کے ہاتھ رہا۔ حضور ﷺ نے پہلا مقابلہ یاد دلا کر فرمایا: ''آج اس دن کا بدلہ ہو گیا۔''

ایک دفعہ عید کا دن تھا، حرم نبوی میں کچھ بچیاں جمع ہو کر گانے لگیں، آپ ﷺ لیٹے ہوئے تھے، منہ ڈھانپ لیا، لڑکیاں گاتی رہیں۔ اتفاقاً ابوبکرؓ آگئے اور بچیوں کو ڈانٹنے لگے تو آپ ﷺ نے روک دیا۔ ان بچیوں کو گانے دو۔ یہ ان کا عید کا دن ہے۔ ایک بار سفر میں ازواج مطہرات بھی ساتھ تھیں۔ ساربانوں نے اونٹوں کو دوڑانا شروع کر دیا تو آپ ﷺ کو خواتین کا خیال آگیا اور ساربانوں سے فرمایا ''ذرا دیکھ کر یہ آبگینے (عورتیں) بھی ساتھ ہیں اور سچ ہے کہ سیرت مبارکہ کا مطالعہ بتاتا ہے کہ آپ ﷺ نے ان آبگینوں کی نزاکت کا پورا پورا خیال رکھا۔ صنف لطیف کے مزاج کی نزاکت کا آپ ﷺ نے ہر ہر قدم اور ہر ہر بات میں اس طرح لحاظ فرمایا۔ بے شک حضور ﷺ ایک مثالی شوہر تھے۔ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم!

دوروزہ ختم نبوت کورس لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، مکتب الرحیم کے زیراہتمام ۲۴، ۲۵ فروری ۲۰۲۴ء کو دوروزہ ختم نبوت کورس منعقد ہوا۔ کورس میں مختلف موضوعات، عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت وفضیلت، جھوٹے مدعیان نبوت کا انجام، حیات حضرت عیسیٰؑ، کذبات مرزا، قادیانیوں اور عام کافروں میں فرق، قرب قیامت آنے والے حضرت عیسیٰؑ اور حضرت مہدیؒ کی علامات اور نشانیاں، تحریک ختم نبوت کی کامیابیاں پر لیکچرز ہوئے۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ناظم تبلیغ مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا محمد حنیف کمبوہ، مبلغ ختم نبوت مولانا عبدالنعیم، میاں محمد رضوان نفیس، قاری ظہورلحق، مولانا خالد محمود، مولانا سعید وقار، مولانا محمد صفدر سمیت اہل علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

فتح مکہ کے عظیم واقعہ نے رمضان المبارک کی تاریخی عظمت کو دوبالا کیا

مولانا عبدالوہاب

جب مشرکین مکہ نے رسول خدا ﷺ اوران کے مٹھی بھر پیروکار پر عرصہ حیات تنگ کردیا تو اللہ تعالیٰ نے ''سابقون الاوّلون'' صحابہ کرامؓ کو ہجرت کی اجازت دے دی۔اس سے کفار کے تن بدن میں آگ لگ گئی اورانہوں نے ان مسلمانوں کو اور زیادہ ستانا شروع کردیا۔ جو مکہ میں رہ گئے تھے ان میں رسول خدا ﷺ بھی شامل تھے۔ بالآخر جب مشرکین مکہ کی زیادتیاں حد سے بڑھ گئیں تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ سے کہا کہ وہ بھی مکہ سے ہجرت کرجائے۔ حضرت ابوبکرصدیقؓ بھی ہمراہی رسول ﷺ کی سعادت سے بہرور ہوئے۔ایک رات محمد مصطفیٰ ﷺ حضرت علیؓ کو اپنے بستر پر سوتا چھوڑ کر باہر نکل آئے، کعبہ کو دیکھا اور فرمایا: اے مکہ! تو میرے علم میں اللہ کے محبوب ترین بلاد سے ہے اور تو خدائے عزوجل کے نزدیک محبوب ترین زمین ہے اور تو روئے زمین پر اللہ تعالیٰ کے نزدیک خیر اوراحب بقعہ ہے۔اگر مشرکین مجھے تجھ سے نہ نکالتے تو میں کبھی نہ جاتا۔

نور کا فروغ: ہجرت اللہ کی مرضی سے ہوئی تھی اور اسی کی مرضی سے ہجرت کے بعد مسلمانوں پر رنج والم اور ظلم وستم کے پہاڑ ٹوٹے۔مگر وہ صابر وشاکر رہے۔اللہ تعالیٰ نے انہیں کسی وقت بھی تنہا نہ چھوڑا۔ بدر کے میدان میں انہیں فتح ونصرت سے ہمکنار کیا۔غزوہ احد میں بھی اللہ کی جماعت ہی کامران رہی۔ پھر غزوہ احزاب میں بھی انہیں کو فتح حاصل ہوئی۔اسی طرح محمد مصطفیٰ ﷺ کا نور مدینہ سے نکل کر چاروں طرف پھیل گیا۔مکہ سے اللہ کے محبوب بندوں کی جو مٹھی بھر جماعت نکلی تھی وہ اللہ کی برکت سے ہزاروں، لاکھوں تک بڑھ گئی۔ بالآخر وہ وقت آگیا کہ مسلمانوں نے عمرہ ادا کرنے کے ارادہ سے مکہ جانے کے لئے رخت سفر باندھا۔

رسول کریم ﷺ چودہ سو صحابہ کرامؓ کی معیت میں مدینہ سے روانہ ہوئے۔راہ میں ایک مخبر نے خبر دی کہ قریش مکہ کو مسلمانوں کی روانگی کی اطلاع مل گئی ہے اورانہوں نے مقابلہ کی تیاریاں شروع کردی ہیں۔ مگر مسلمانوں کے قدم آگے ہی بڑھتے رہے اور بالآخر مکہ سے دس بارہ میل کے فاصلے پر واقع مقام حدیبیہ پر پہنچ کر رک گئے جہاں سے حدود حرم شروع ہوتے ہیں۔

سفارتی سرگرمیاں: کفار مکہ نے حدیبیہ سے مکہ جانے والے راستے کو روک رکھا تھا۔ یہاں

سفارتی سرگرمیاں شروع ہوئیں۔ قریش کے نمائندے اور کارندے آکر مسلمانوں کی آمد کا مقصد معلوم کرنے لگے۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عثمانؓ کو مختار بنا کر مکہ بھیجا۔ مگر مشرکین نے انہیں روک لیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ کے ہمراہیوں نے جانا کہ کفار کی نیت نیک نہیں۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ببول کے ایک درخت کے تلے بیٹھ کر صحابہؓ سے جان نثاری کی بیعت لی۔

یہ تاریخ اسلام کا ایک مہتم بالشان واقعہ ہے اور بیعت کا نام بیعت الرضوان ہے۔ مگر خدا کا شکر ہے کہ حضرت عثمانؓ کی شہادت کی خبر غلط نکلی اور سہیل بن عمر جو خطیب قریش مکہ کہلاتا تھا۔ قریش کی طرف سے سفیر بن کر مسلمانوں سے صلح کی شرائط طے کرانے آیا۔ بالآخر تھوڑی سی ردوقدح کے بعد صلح نامہ طے ہوگیا۔ یہ صلح نامہ معاہدہ حدیبیہ کے نام سے مشہور ہے۔ قرآن مجید نے حدیبیہ کی صلح کو مسلمانوں کے لئے فتح مبین اور نصر عزیز قرار دیا۔ صلح حدیبیہ سے چندروز کے لئے امن وامان قائم ہوگیا۔ مگر قریش اس معاہدہ کو نبھا نہ سکے۔ مسلمانوں کے حلم وعفو اور صبر وتحمل کی حد ہو چکی تھی اور وقت آگیا تھا کہ آفتاب حق حجاب حائل کو چاک کر کے باہر نکل آئے۔ قریش کی مسلسل بدعہدی کے پیش نظر رسول خدا ﷺ نے مکہ پر لشکر کشی کی تیاریاں شروع کیں۔ اب مسلمانوں کی جمعیت مٹھی بھر نہ تھی بلکہ ہزاروں سے متجاوز تھی۔ اتحادی قبائل کے پاس قاصد بھیجے کہ وہ جنگ کی تیاری کر کے مدینہ منورہ میں جمع ہوں۔ ان قبائل کا حال مشرکین مکہ سے چھپا کر رکھا گیا۔

<u>مکہ کو روانگی:</u> جب مسلمانوں نے تمام تیاریاں مکمل کر لیں تو ۱۰ر رمضان المبارک ۸ھ کو دس ہزار مسلمانوں کے لشکر نے مکہ کی طرف کوچ کیا۔ قبائل عرب راہ میں آکر لشکر اسلام سے ملتے جاتے تھے۔ مکہ معظّمہ سے ایک منزل سے بھی کم فاصلہ پر واقع مرالظہر ان کے مقام پر پہنچ کر لشکر نے پڑاؤ ڈال دیا۔ فوجیں دور دور تک پھیل گئیں۔ قریش اب تک بے خبر تھے۔ مگر اب جو انہیں اسلامی فوج کی آمد کی اطلاع ملی تو ان کے ہاتھ پیر پھول گئے۔ انہوں نے ابوسفیان کو مخبر بنا کر بھیجا۔ اس نے دیکھا کہ لشکر اسلام دور دور تک پھیلا ہوا ہے۔ اتفاقاً حضرت عمرؓ نے ابوسفیان کو دیکھ لیا۔ مگر اس نے حضرت عباسؓ کے پاس پناہ لے لی۔ حضرت عمرؓ کی اطلاع پر انہیں بارگاہ رسالت ﷺ میں پیش کیا گیا۔ ابوسفیان رسول خدا ﷺ پر ایمان لے آئے اور دولت اسلام سے بہرہ یاب ہوئے۔ ابوسفیان مسلمانوں کی قوت سے اس قدر متاثر ہوئے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگی کہ وہ لشکر اسلام سے پہلے مکہ جا کر اہل مکہ کو مقابلے کی حماقت سے باز رکھنے کی کوشش کریں، رسول اللہ ﷺ نے انہیں اجازت دے دی۔ ابوسفیان بہ تعجیل تمام مکہ پہنچے اور اہل قریش کو سمجھایا کہ مسلمانوں کا مقابلہ بے سود ہے۔ مشرکوں نے ان پر مسلمان ہوجانے کی پھبتی کسی، ان کی بیوی ہندہ نے تو دراز دستی شروع کردی۔

مکہ میں داخلہ: مشرک ابھی ابوسفیان کا تمسخر ہی اڑا رہے تھے کہ مسلمانوں کا لشکر مکہ میں داخل ہوا۔ جسے دیکھ کر مشرکوں کے اوسان خطا ہوگئے۔ مکہ میں داخل ہوکر رسول خداﷺ نے حکم دیا کہ علم نبویﷺ مقام حجون پر نصب کر دیا جائے۔ حضرت خالدؓ کو اپنے دستہ کے ساتھ بالائی حصہ کی طرف آنے کا حکم دیا اور پھر اعلان فرمایا: ''جو شخص ہتھیار ڈال دے گا یا ابوسفیان کے گھر پناہ لے گا یا خانہ کعبہ میں داخل ہوجائے گا اس کو امن دیا جائے گا۔''

اس اعلان کے باوجود قریش کے ایک گروہ نے مسلمانوں پر تیر برسانے شروع کر دیئے۔ جن سے تین صحابی حضرت کرز بن جابر فہریؓ، حضرت جبیش بن اشعرؓ اور حضرت سلمہ بن المیلاؓ نے شہادت پائی۔ حضرت خالدؓ نے جوابی حملہ کیا، ۱۳ مشرک وہیں ڈھیر کئے اور باقی بھاگنے پر مجبور ہوگئے۔ آنحضرتﷺ نے تلواروں کی چمک دیکھی تو حضرت خالدؓ کو بلاکر باز پرس کی لیکن جب معلوم ہوا کہ ابتداء مشرکوں نے کی تھی تو فرمایا قضاء الٰہی یہی تھی۔

تطہیر کعبہ: مکہ بغیر کسی خونریزی کے فتح ہوچکا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا محبوب ترین پیغمبر ایک اونٹنی پر سوار ہوکر اللہ تعالیٰ کے گھر میں داخل ہوا اور خانہ کعبہ کا اونٹنی پر بیٹھ کر طواف کیا۔ اس کے بعد رسول خداﷺ اونٹنی سے نیچے اترے۔ اس وقت حضورﷺ کے دست مبارک میں ایک چھڑی تھی، مشرکوں نے خانہ کعبہ میں تین سو ساٹھ بت جمع کر رکھے تھے۔ آنحضرتﷺ چھڑی کی نوک سے ایک ایک کو ٹھوکا دیتے جاتے اور یہ پڑھتے جاتے تھے: ''حق آگیا اور باطل مٹ گیا اور باطل کو مٹنا ہی چاہیے تھا۔''

مشرکین مکہ کا سب سے بڑا بت ہبل خانہ کعبہ کی چھت پر نصب تھا۔ رسول اللہﷺ کی چھڑی ہبل تک نہ پہنچ سکی۔ اس لئے حضرت علیؓ کو حکم دیا کہ وہ چھت پر چڑھ کر ہبل کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیں۔ خانہ کعبہ میں ایک فاختہ کا بت تھا وہ بھی توڑ دیا گیا۔ خانہ کعبہ کی دیواروں پر مشرکوں نے انبیاء کرام علیہم السلام کی خیالی تصویریں بنا رکھی تھیں، رسول اللہﷺ نے حضرت عمرؓ کو حکم دیا کہ آب زم زم سے تمام نقوش مٹا دیں۔

عہدوں کا خاتمہ: ایک صحابیؓ نے بعض روایتوں کے مطابق حضرت علیؓ نے اور بعض دوسری روایتوں کے مطابق حضرت عباسؓ نے حرم کعبہ کے روایتی عہدے حاصل کرنے کی درخواست دی۔ مگر رسول اللہﷺ نے فرمایا: میں نے سقایہ اور تولیت کعبہ کے سوا تمام قدیم عہدے اپنے قدموں میں پامال کر دیئے۔ سقایہ یعنی حاجیوں کو پانی پلانے کی خدمت حضرت عباسؓ کے سپرد ہوئی اور تولیت کعبہ کی خدمت حضرت عثمان بن طلحہؓ کو ملی۔ جنہوں نے یہ خدمت اپنے عم زاد شیبہ بن ابی طلحہ کو منتقل کر دی۔ جو آج تک انہی کی نسل میں باقی ہے۔

خطبہ نبویﷺ: حرم کعبہ تمام آلائشوں سے پاک ہوچکا تو آنحضرتﷺ نے کلید بردار کعبہ

حضرت عثمان بن طلحہؓ سے کنجی طلب کر کے دروازہ کھلوایا۔ آپ ﷺ حضرت بلالؓ اور حضرت طلحہؓ کے ساتھ اندر داخل ہوئے اور نماز ادا کی۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے اہل مکہ سے خطاب کیا اور فرمایا: ''ایک خدا کے سوا اور کوئی خدا نہیں ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اس نے اپنا وعدہ سچا کیا۔ اس نے اپنے بندے کی مدد کی اور تمام جتھوں کو تنہا چھوڑ دیا۔ ہاں تمام مفاخر تمام انتقامات، خون بہائے قدیم سب میرے قدموں کے نیچے ہیں۔ صرف حرم کعبہ کی تولیت اور حجاج کی آب رسانی اس سے مستثنیٰ ہے۔ اے قوم قریش! اب جاہلیت کا غرور اور نسبت کا افتخار خدا نے مٹا دیا۔ تمام لوگ آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور آدم مٹی سے بنے ہیں۔''

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے قرآن حکیم کی یہ آیت تلاوت فرمائی جس کا ترجمہ یہ ہے: ''لوگو! میں نے تم کو مرد اور عورت سے پیدا کیا اور تمہارے قبیلے اور خاندان بنائے کہ آپس میں ایک دوسرے کی پہچان ہو جائے۔ لیکن خدا کے نزدیک شریف وہ ہے جو زیادہ پرہیز گار ہو، خدا دانا اور واقف کار ہے۔''

رسول اللہ ﷺ کا یہ خطاب صرف اہل مکہ سے نہیں بلکہ ساری دنیا سے تھا۔ خطبہ کے بعد آپ ﷺ نے مجمع کی طرف دیکھا تو جباران قریش سامنے تھے۔ ان میں وہ حوصلہ مند بھی تھے جو اسلام کو مٹانے میں سب سے آگے تھے، اور وہ بھی تھے جنہوں نے ان کی راہ میں کانٹے بچھائے تھے، اور وہ بھی تھے جن کی زیادتیوں سے تنگ آ کر آپ ﷺ حضرت علیؓ کو اپنے بستر پر سوتا چھوڑ کر ہجرت پر مجبور ہوئے تھے۔ رحمت للعالمین ﷺ نے ان کی طرف دیکھا وہ سہم گئے کہ اب نہ جانے کیا حکم صادر ہو۔ وہ سزا کے منتظر مجرموں کی طرح گردنیں جھکائے کھڑے تھے، رسول اللہ ﷺ نے خوف انگیز لہجہ میں پوچھا: ''تم جانتے ہو میں تم سے کیا معاملہ کرنے والا ہوں' وہ اگرچہ ظالم تھے، شقی تھے، بے رحم تھے، لیکن مزاج آشنا تھے، پکار اٹھے: ''تو شریف بھائی ہے اور شریف برادر زادہ ہے'' اس پر رسول اللہ ﷺ نے تبسم کیا اور ارشاد فرمایا: ''تم پر کوئی الزام نہیں جاؤ تم سب آزاد ہو۔''

اس کے بعد وقت نماز آیا تو حضرت بلالؓ نے بام کعبہ چڑھ کر اذان دی اور سب مسلمانوں نے نماز ادا کی۔ بعد ازاں رسول مقبول ﷺ صفا میں ایک بلند مقام پر بیٹھے جو لوگ اسلام قبول کرنے آتے تھے آپ ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کرتے تھے۔ آج اس مقدس واقعہ پر ایک ہزار تین سو چھتر (اب ایک ہزار چار سوسینتیس) سال گزر چکے ہیں اور خدائے وحدہٗ لاشریک پر ایمان رکھنے والوں کی تعداد کروڑوں سے تجاوز کر چکی ہے۔ زمانہ سابقہ کے واقعات ہمیں پکار پکار کر بتاتے ہیں کہ اگر ہم آج بھی اپنے دلوں کو ان مٹھی بھر مسلمانوں کی طرح پاک وصاف کرلیں تو دنیا کے ہر معاملہ میں اور زندگی کی ہر مشکل میں خدائے وحدہٗ لاشریک ہمارا شریک و مددگار رہو گا۔ فقط!　(ماہنامہ دارالعلوم دیوبند اپریل ۱۹۶۴ء ص ۳۷ تا ۴۰)

رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف کی فضیلت

مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ

اعتکاف کی نیت سے مسجد میں ٹھہرنے کو اعتکاف کہتے ہیں، حنفیہ کے نزدیک اس کی تین قسمیں ہیں:

(۱) واجب اعتکاف: جو منت اور نذر کی وجہ سے ہو، جیسے یہ کہے کہ اگر میرا فلاں کام ہوگیا تو اتنے دنوں کا اعتکاف کروں گا یا بغیر کسی کام پر موقوف کرنے کے یوں کہہ لے کہ میں نے اتنے دنوں کا اعتکاف اپنے اوپر لازم کرلیا۔ یہ واجب ہوتا ہے اور جتنے دنوں کی نیت ہے اس کا پورا کرنا ضروری ہے۔ (۲) سنت اعتکاف: جو رمضان المبارک کے اخیر عشرہ کا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی عادت شریفہ ان ایام کے اعتکاف فرمانے کی تھی۔ (۳) نفلی اعتکاف: جس کے لئے نہ کوئی وقت نہ ایام کی مقدار مقرر ہے۔ جتنے دن کا جی چاہے کرلے۔ حتی کہ اگر کوئی شخص تمام عمر کے اعتکاف کی نیت کرلے تب بھی جائز ہے۔ البتہ کمی میں اختلاف ہے کہ امام صاحبؒ کے نزدیک ایک دن سے کم کا جائز نہیں۔ لیکن امام محمدؒ کے نزدیک تھوڑی دیر کا بھی جائز ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔ اس لئے ہر شخص کے لئے مناسب ہے کہ جب مسجد میں داخل ہو اعتکاف کی نیت کرلیا کرے کہ جتنا وقت نماز وغیرہ میں مشغول رہے، اعتکاف کا ثواب بھی ملتا رہے۔

میں نے اپنے والد صاحب نور اللہ مرقدہ وبرّد مضجعہ کو ہمیشہ اس کا اہتمام کرتے دیکھا کہ جب مسجد میں تشریف لے جاتے تو دایاں پاؤں اندر داخل کرتے ہی اعتکاف کی نیت فرماتے تھے اور بسا اوقات خدام کی تعلیم کی غرض سے آواز سے بھی نیت فرماتے تھے۔ اعتکاف کا بہت زیادہ ثواب ہے اور اس کی فضیلت اس سے زیادہ کیا ہوگی کہ نبی کریم ﷺ ہمیشہ اس کا اہتمام فرماتے تھے۔ معتکف کی مثال اس شخص کی سی ہے کہ کسی کے در پر جا پڑے کہ اتنے میری درخواست قبول نہ ہو ٹلنے کا نہیں۔

نکل جائے دم تیرے قدموں کے نیچے   یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

اگر حقیقۃً یہی حال ہو تو سخت سے دل والا بھی پسیجتا ہے اور اللہ جل شانہ کی کریم ذات تو بخشش کے لئے بہانہ ڈھونڈتی ہے بلکہ بے بہانہ مرحمت فرماتے ہیں:

تو وہ داتا ہے کہ دینے کے لئے   در تری رحمت کے ہیں ہر دم کھلے

خدا کی دین کا موسیٰ سے پوچھئے احوال   کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے

اس لئے جب کوئی شخص اللہ کے دروازے پر دنیا سے منقطع ہوکر پڑ جائے تو اس کے نوازے جانے میں کیا تامل ہوسکتا ہے اور اللہ جل شانہ جس کو اکرام فرمادیں اس کے بھرپور خزانوں کا بیان کون کرسکتا ہے؟ اس کے آگے کہنے سے قاصر ہوں کہ نامرد بلوغ کی کیفیت کیا بیان کرسکتا ہے۔ مگر ہاں یہ ٹھان لے کہ:

جس گل کو دل دیا ہے جس پھول پر فدا ہوں　　یا وہ بغل میں آئے یا جاں قفس سے چھوٹے

ابن قیمؒ کہتے ہیں کہ اعتکاف کا مقصود اور اس کی روح دل کو اللہ کی پاک ذات کے ساتھ وابستہ کر لینا ہے کہ سب طرف سے ہٹ کر اس کے ساتھ مجتمع ہوجائے اور ساری مشغولیوں کے بدلہ میں اسی کی پاک ذات سے مشغول ہوجائے اور اس کے غیر کی طرف سے منقطع ہوکر اس طرح اس میں لگ جاوے کہ خیالات، تفکرات سب کی جگہ اس کا پاک ذکر اس کی محبت سماجاوے حتیٰ کہ مخلوق کے ساتھ انس کے بدلہ اللہ کے ساتھ انس پیدا ہوجاوے کہ یہ انس قبر کی وحشت میں کام دے۔ اس دن اللہ کی پاک ذات کے سوانہ کوئی مونس نہ دل بہلانے والا۔ اگر دل اس کے ساتھ مانوس ہوچکا ہوگا تو کس قدر لذت سے وقت گزرے گا:

جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کے رات دن　　بیٹھا رہوں تصور جاناں کئے ہوئے

صاحب مراقی الفلاح کہتے ہیں کہ اعتکاف اگر اخلاص کے ساتھ ہو تو افضل ترین اعمال سے ہے۔ اس کی خصوصیتیں حد احصاء (ان کو پورا پورا بیان نہیں کیا جاسکتا) سے خارج ہیں کہ اس میں قلب کو دنیا ومافیہا سے یکسو کر لینا ہے، نفس کو مولیٰ کے سپرد کر دینا اور حقیقی آقا کی چوکھٹ پر گر جانا ہے:

پھر جی میں ہے کہ در پہ کسی کے پڑا رہوں　　سر زیر بار منت درباں کئے ہوئے

نیز اس میں ہر وقت عبادت میں مشغولی ہے کہ آدمی سوتے جاگتے ہر وقت عبادت میں شمار ہوتا ہے اور اللہ کے ساتھ تقرب ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص میری طرف ایک ہاتھ قریب ہوتا ہے میں اس سے دو ہاتھ قریب ہوتا ہوں، اور جو میری طرف (آہستہ بھی) چلتا ہے میں اس کی طرف دوڑ کر آتا ہوں، نیز اس میں اللہ کے گھر پر جانا ہے اور کریم میزبان ہمیشہ گھر آنے والے کا اکرام کرتا ہے۔ نیز اللہ کے قلعہ میں محفوظ ہوتا ہے کہ دشمن کی رسائی وہاں تک نہیں۔ وغیرہ وغیرہ بہت سے فضائل اور خواص اس اہم عبادت کے ہیں۔

مسئلہ: مرد کے لئے سب سے افضل جگہ مسجد مکہ ہے، پھر مسجد مدینہ منورہ، پھر مسجد بیت المقدس۔ ان کے بعد مسجد جامع، پھر اپنی مسجد۔ امام صاحب (امام ابوحنیفہؒ) کے نزدیک یہ بھی شرط ہے کہ جس مسجد میں اعتکاف کرے اس میں پانچوں وقت کی جماعت ہوتی ہو، صاحبین کے نزدیک شرعی مسجد ہونا کافی ہے۔ اگرچہ جماعت نہ ہوتی ہو۔ عورت کے لئے اپنے گھر کی مسجد میں اعتکاف کرنا چاہئے۔ اگر گھر میں کوئی جگہ مسجد

کے نام سے متعین نہ ہو تو کسی کونہ کو اس کے لئے مخصوص کر لے۔ عورتوں کے لئے اعتکاف بہ نسبت مردوں کے زیادہ سہل ہے کہ گھر میں بیٹھے بیٹھے کاروبار بھی لڑکیوں وغیرہ سے لیتی رہیں اور مفت کا ثواب بھی حاصل کرتی رہیں۔ مگر اس کے باوجود عورتیں اس سنت سے گویا بالکل محروم رہتی ہیں۔

ا...... ''ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے رمضان المبارک کے پہلے عشرہ میں اعتکاف فرمایا اور پھر دوسرے عشرہ میں بھی، پھر ترکی خیمہ سے جس میں اعتکاف فرما رہے تھے باہر سر نکال کر ارشاد فرمایا کہ میں نے پہلے عشرہ کا اعتکاف شب قدر کی تلاش اور اہتمام کی وجہ سے کیا تھا، پھر اسی کی وجہ سے دوسرے عشرہ میں کیا۔ پھر مجھے کسی بتلانے والے (یعنی فرشتہ) نے بتلایا کہ وہ رات اخیر عشرہ میں ہے۔ لہٰذا جو لوگ میرے ساتھ اعتکاف کر رہے ہیں وہ اخیر عشرہ کا بھی اعتکاف کریں۔ مجھے یہ رات دکھلا دی گئی تھی پھر بھلا دی گئی (اس کی علامت یہ ہے) کہ میں نے اپنے آپ کو اس رات کے بعد کی صبح میں کیچڑ میں سجدہ کرتے دیکھا۔ لہٰذا اب اس کو اخیر عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔ راوی کہتے ہیں کہ اس رات میں بارش ہوئی اور مسجد چھپر کی تھی وہ ٹپکی اور میں نے اپنی آنکھوں سے نبی کریم ﷺ کی پیشانی مبارک پر کیچڑ کا اثر اکیس کی صبح کو دیکھا۔''

نبی کریم ﷺ کی عادت شریفہ اعتکاف کی ہمیشہ رہی ہے۔ اس مہینہ میں تمام مہینہ کا اعتکاف بھی فرمایا اور جس سال وصال ہوا ہے اس سال بیس روز کا اعتکاف فرمایا تھا۔ لیکن عادت شریفہ چونکہ اخیر عشرہ ہی کے اعتکاف کی رہی ہے۔ اس لئے علماء کے نزدیک سنت موکدہ وہی ہے۔ حدیث بالا سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اس اعتکاف کی بڑی غرض شب قدر کی تلاش ہے اور حقیقت میں اعتکاف اس کے لئے بہت ہی مناسب ہے کہ اعتکاف کی حالت میں اگر آدمی سوتا ہوا بھی ہو تب بھی عبادت میں شمار ہوتا ہے۔

نیز اعتکاف میں چونکہ آنے سے ادھر ادھر کے کام بھی کچھ نہیں رہتے، اس لئے عبادت اور کریم آقا کی یاد کے علاوہ اور کوئی مشغلہ بھی نہ رہے گا۔ لہٰذا شب قدر کے قدردانوں کے لئے اعتکاف سے بہتر صورت نہیں۔ نبی کریم ﷺ اوّل تو سارے ہی رمضان میں عبادت کا بہت زیادہ اہتمام اور کثرت فرماتے تھے۔ لیکن اخیر عشرہ میں کچھ حد ہی نہیں رہتی تھی۔ رات کو خود بھی جاگتے اور گھر کے لوگوں کو بھی جگانے کا اہتمام فرماتے تھے۔ جیسا کہ صحیحین کی متعدد روایات سے معلوم ہوتا ہے۔

بخاری و مسلم کی ایک روایت میں حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ اخیر عشرہ میں حضور ﷺ لنگی کو مضبوط باندھ لیتے اور راتوں کو احیا فرماتے اور اپنے گھر کے لوگوں کو بھی جگاتے۔ لنگی مضبوط باندھنے سے کوشش میں

اہتمام کی زیادتی بھی مراد ہوسکتی ہے اور بیویوں سے بالکلیہ احتراز (یعنی علیحدہ رہنا) بھی مراد ہوسکتا ہے۔

۲...... ’’ابن عباسؓ سے نبی کریم ﷺ کا ارشاد مروی ہے کہ معتکف گناہوں سے محفوظ رہتا ہے اوراس کے لئے نیکیاں اتنی ہی لکھی جاتی ہیں جتنی کہ کرنے والے کے لئے۔‘‘ (مشکوٰۃ عن ابن ماجہ)

فائدہ: دو مخصوص نفع اعتکاف کے اس حدیث میں ارشاد فرمائے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ اعتکاف کی وجہ سے گناہوں سے حفاظت ہوجاتی ہے ورنہ بسا اوقات کوتاہی اور لغزش سے کچھ اسباب ایسے پیدا ہوجاتے ہیں کہ اس میں آدمی گناہ میں مبتلا ہو ہی جاتا ہے اور ایسے متبرک وقت میں معصیت کا ہونا کس قدر ظلم عظیم ہے۔ اعتکاف کی وجہ سے ان سے امن اور حفاظت رہتی ہے۔ دوسرے یہ کہ بہت سے نیک اعمال جیسا کہ جنازہ کی شرکت، مریضوں کی عیادت وغیرہ ایسے امور ہیں کہ اعتکاف میں بیٹھ جانے کی وجہ سے معتکف ان کو نہیں کرسکتا۔ اس لئے اعتکاف کی وجہ سے جن عبادتوں سے رکا رہا ان کا اجر بغیر کئے بھی ملتا رہے گا۔ اللہ اکبر! کس قدر رحمت اور فیاضی ہے کہ ایک عبادت آدمی کرے اور دس عبادتوں کا ثواب مل جائے۔ درحقیقت اللہ کی رحمت بہانہ ڈھونڈتی ہے اور تھوڑی سی توجہ اور مانگ سے دھواں دھار برستی ہے: ’’بہا نہ میدہد بہا نمید ہد‘‘ مگر ہم لوگوں کو سرے سے اس کی قدر ہی نہیں، ضرورت ہی نہیں توجہ کون کرے اور کیوں کرے کہ دین کی وقعت ہی ہمارے قلوب میں نہیں:

اس کے الطاف تو ہیں عام شہیدی سب پر   تجھ سے کیا ضد تھی اگر تو کسی قابل ہوتا

(فضائل رمضان ص۵۰تا۵۴)

دروس قرآن بسلسلہ استقبال رمضان سیالکوٹ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام مارچ ۲۰۲۴ء میں استقبال رمضان کے حوالہ سے دروس کا اہتمام کیا گیا جس کی سرپرستی پیر سید شبیر احمد گیلانی امیر سیالکوٹ اور نگرانی مولانا فقیر اللہ اختر نے کی۔ جامع مسجد یوسف بنوری ہادی ٹاؤن، جامع مسجد قبا، جامع مسجد تقویٰ گجر ٹاؤن، جامع مسجد خاص چائنہ چوک، جامع مسجد نور فتح گڑھ، جامع مسجد دارالسلام بڑ روڈ، جامع مسجد عمر فاروق، جامع مسجد عائشہ پکی کوٹلی، جامع مسجد نور اکبر آباد، جامع مسجد عبداللہ بن مسعودؓ، جامع مسجد ختم نبوت حاجی پوری، جامع مسجد دارالسلام وجامعہ فاروقیہ، جامع مسجد امیر حمزہ، جامع مسجد جہانگیری، جامع مسجد خالد بن ولیدؓ، جامع مسجد موتی میں مولانا قاری نذیر احمد، مولانا حماد اندر قاسمی، مولانا مفتی داؤد نفیس، مولانا حافظ محمد اسلم، مولانا عاصم شہزاد، مولانا سجاد احمد، مولانا مفتی منیر احمد سمیت علماء کرام کے بیانات ہوئے۔

سفر کی مسنون دعائیں

مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی

سفر کے ارادہ کی دعا

یحییٰ ابن حبیب ابن عربی نے بواسطہ حماد ابن زید عاصم بیان کیا، حضرت عبداللہ ابن سرجس نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ جب سفر کرتے تو یہ دعا پڑھتے: ''اَللّٰھُمَّ انت الصاحب فی السفر والخلیفة فی الاھل اَللّٰھُمَّ اصحبنا فی سفرنا واخلف لنا فی اھلنا اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ وَعۡثاءِ السَّفَرِ وَکَآبَةِ الۡمُنۡقَلَبِ الۡحَوۡرِ بَعۡدَالۡکَوۡرِ وَدَعۡوَةِ الۡمَظۡلُوۡمِ وَسُوۡءِ الۡمَنۡظَرِ فِی الۡاَھۡلِ وَالۡمَالِ'' ﴿اے اللہ آپ ہی سفر میں ساتھی اور گھر میں میرے نائب ہیں، آپ ہمارے سفر میں ہماری رفاقت اور گھر میں ہماری نیابت فرمائیں۔ اے اللہ! میں آپ کے ساتھ سفر کی مشقت اور واپسی پر غم اور زیادتی کے بعد نقصان سے، مظلوم کی بددعا سے اور گھر بار میں برائی دیکھنے سے پناہ مانگتا ہوں۔﴾

ایک اور روایت میں ہے ''اَللّٰھُمَّ اَطۡوِلَنَا الۡاَرۡضَ وَھَوِّنۡ عَلَیۡنَا السَّفَرَ'' اے اللہ! ہمارے لئے زمین کو مختصر اور سفر کو آسان فرما۔

جب سواری پر سوار ہو تو یہ دعا پڑھے

جناب علی ابن ربیعہ الاسدی فرماتے ہیں: میں نے سیدنا علی المرتضیٰؓ کو دیکھا کہ ان کے پاس سواری لائی گئی تو انہوں نے رکاب میں پاؤں رکھتے ہوئے یہ دعا پڑھی ''بِسۡمِ اللہِ'' اور جب سواری پر بیٹھ گئے تو یہ دعا پڑھی:

''اَلۡحَمۡدُلِلّٰہِ الَّذِیۡ سَخَّرَلَنَا ھَذا وَما کُنَّا لَهُ مُقۡرِنِیۡنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ'' پھر تین مرتبہ اللہ اکبر! اور تین بار الحمدللہ کہا۔ پھر یہ دعا پڑھی ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ سُبۡحَانَکَ اِنِّیۡ ظَلَمۡتُ نَفۡسِیۡ فَاغۡفِرۡلِیۡ ذُنُوۡبِیۡ اِنَّهُ لَا یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّا اَنۡتَ''

حضرت علی المرتضیٰؓ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن یہی دعا پڑھی جو میں نے پڑھی ہے۔ پھر آپ ہنس پڑے۔ میں نے عرض کیا کہ: آپ نے تبسم کیوں فرمایا؟ آپ نے فرمایا کہ: اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے بندے سے اس دعا پر خوش ہوتے ہیں: ''سُبۡحَانَکَ اِنِّیۡ ظَلَمۡتُ نَفۡسِیۡ فَاغۡفِرۡلِیۡ ذُنُوۡبِیۡ اِنَّهُ لَا یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّا اَنۡتَ''

تعارف مجموعہ کتب عقیدہ حیات النبی ﷺ

حافظ محمد انس

(۴۱) حضرت مولانا سید نور الحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ

پیدائش: ۱۰؍جنوری ۱۹۱۱ء ...... وفات: ۴؍جنوری ۱۹۸۴ء

حضرت مولانا سید نور الحسن شاہ بخاری دارالعلوم دیوبند کے فاضل اور علامہ عبدالشکور لکھنوی کے شاگرد رشید تھے۔ ۱۹۴۳ء میں سردار احمد خاں پتافی کے ساتھ مل کر آپ نے تنظیم اہل سنت کی بنیاد رکھی۔ امرتسر میں مرکزی دفتر کے آپ انچارج تھے۔ ہفتہ وار تنظیم اہل سنت اور پھر سہ روزہ دعوت لاہور کے آپ ایڈیٹر رہے۔ برصغیر پاک وہند میں حضرت شاہ عبدالعزیز دہلوی کے بعد آپ نے رفض کے خلاف معیاری علمی تحریری خدمات سرانجام دیں۔ دو درجن کے لگ بھگ آپ کی کتابیں ہوں گی جو بلاشبہ اردو میں عظمت صحابہؓ پر لکھی گئی کتب کا ہراوّل دستہ ہیں۔ مولانا محمد نافعؒ، مولانا قاضی مظہر حسینؒ کی کتب اس کے بعد کی ہیں جو بلاریب بڑا علمی ورثہ ہیں۔ مئی ۱۹۷۵ء میں تنظیم اہل سنت کے دفتر میں دیوبند مسلک کی دینی جماعتوں کا اجلاس ہوا جس میں آپ کے ذمہ عقیدہ حیات النبی ﷺ پر کتاب لکھنے کی ذمہ داری عائد کی گئی۔ چنانچہ آپ نے ’’حیات الاموات خصوصاً حیات النبی سید الکائنات‘‘ نامی کتاب تحریر فرمائی جو اکتوبر ۱۹۷۵ء میں منظر عام پر آئی۔ قریباً نصف صدی بعد اب اسے اس مجموعہ میں شامل کرنے کی سعادت حاصل کی جارہی ہے۔ الحمدللہ!

(۴۲) مولانا سید عون احمد پھلواری شریف ضلع پٹنہ

پھلواری شریف ضلع پٹنہ بہار کی معروف گدی سادات پھلواری کے رکن رکین حضرت مولانا سید عون احمد پھلواری شریف نے شوال ۱۳۷۵ھ میں نعمت کبریٰ دربارہ حیات مصطفی ﷺ نامی کتاب لکھی جسے خانقاہ مجیب پھلواری شریف سے شائع کیا گیا۔ مولانا سید مناظر احسن گیلانی ایسے نابغہ روزگار شخصیت کی اس پر تقریظ ہے، جو کتاب کی ثقاہت کی بھرپور دلیل ہے۔ اسے بھی اس مجموعہ میں شامل اشاعت کیا جارہا ہے۔

(۴۳) حضرت مولانا سید امین الحق رحمۃ اللہ علیہ

پیدائش: ۱۹۰۴ء ...... وفات: ۷؍ستمبر ۱۹۸۱ء

مولانا سید امین الحق طورو ضلع مردان کے رہنے والے تھے۔ دارالعلوم دیوبند کے فاضل اور مولانا سید انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ کے نامور شاگرد تھے۔ آپ شیخوپورہ کی مسجد قبرستان والی کے خطیب رہے۔ محکمہ

اوقاف کے صوبائی خطیب تھے۔ آپ کا بیعت کا تعلق حضرت امام التفسیر مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ سے تھا۔ آپ نے ۱۳۸۰ھ میں ’’تنبیہ الاغبیاء فی حیات الانبیاء‘‘ نامی کتاب لکھی جسے اس مجموعہ میں شامل کرنے کی ہم سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

(۴۴) حضرت مولانا ظہور الحق رحمۃ اللہ علیہ مدرس دارالعلوم کبیر والا

پیدائش: ۱۹۱۹ء ...... وفات: ۱۹۹۱ء

آپ کبیر والا کے مضافات کے رہنے والے تھے۔ ان کے والد گرامی کا نام مولانا نور الحق اور چچا محترم کا نام حضرت علاّمہ عبدالخالق تھا۔ المعروف ’’صدر صاحب‘‘ بانی دارالعلوم کبیر والا۔ ان ہر دو حضرات سے آپ نے درس نظامی کی تکمیل کی۔ دورۂ حدیث شریف حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی سے کیا۔ دارالعلوم کبیر والا کے نامور مدرس تھے۔ استاذ الکل کا آپ کو مقام حاصل تھا۔ آپ نے ’’فذلکۃ الکتب الملت لابراز اجماع الامت فی سلسلۃ الحیات بعد الممات سید الکائنات ﷺ‘‘ نامی حوالہ جاتی رسالہ (ریفرنس بک) تحریر فرمایا جسے ہم اس مجموعہ میں شامل کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

(۴۵) شیخ المحدثین حضرت مولانا سلیم اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ

پیدائش: ۱۵ر دسمبر ۱۹۲۶ء ...... وفات: ۱۵ر فروری ۲۰۱۷ء

آپ پاکستان کے نامور محدث، جامعہ فاروقیہ کراچی کے بانی، وفاق المدارس کے صدر اور تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان کے سربراہ تھے۔ بہت ہی بیدار مغز دینی قائد تھے۔ صائب الرائے اور اپنے موقف کے مضبوط انسان تھے۔ ان سے اکابر کی یادیں وابستہ تھیں اور وہ ان اکابر کی روایات کے امین تھے۔ پاکستان میں اشاعت التوحید والسنۃ کے ایک مرکزی عہدیدار احمد سعید ملتانی نے ’’قرآن مقدس اور بخاری محدث‘‘ کتاب لکھی۔ جس میں امام بخاری کی تنقیص میں انتہائی بے دردی سے کام لیا، بہت سارے حضرات نے اس کتاب کے جوابات لکھے، ان میں مولانا مفتی ظفر اقبال بھکروی کی کتاب عادلانہ دفاع بھی تھی، اسی کا مقدمہ مولانا نثار احمد الحسینی حضروی نے تحریر کیا۔ اس کتاب پر تقریظ شیخ المحدثین حضرت مولانا سلیم اللہ خان نے تحریر فرمائی۔ حضرت مولانا سلیم اللہ خان کی تقریظ پر جامعہ اشاعت القرآن حضرو کے بانی اور اشاعۃ التوحید والسنۃ کے مرکزی رہنما حضرت مولانا عبدالسلام حضروی نے اپنے تحفظات پر مشتمل خط حضرت مولانا سلیم اللہ خان کو تحریر فرمایا۔ اس خط کا جواب حضرت مولانا سلیم اللہ خانؒ نے تحریر فرمایا، جسے ’’حضرت مولانا عبدالسلام صاحب مدظلہ (حضرو) کے خط کے جواب میں امام المحدثین، بقیۃ السلف حضرت مولانا سلیم اللہ خانؒ صدر

وفاق المدارس العربیہ پاکستان، شیخ الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی کا مکتوب سلیم‘‘ کے نام پر رسالہ کی شکل میں اتحاد اہل سنت والجماعۃ پاکستان نے شائع کیا۔ یہ ۲۰۱۱ء کی بات ہے۔ ہم اس مجموعہ میں اس رسالہ کو بھی شائع کرنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔

(۴۶) مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ

پیدائش:۴؍اپریل۱۹۳۴ء ...... وفات:۳۱؍اکتوبر۲۰۰۰ء

حضرت مولانا محمود عالم صفدر اوکاڑوی مدظلہم مناظر اسلام حضرت مولانا محمد امین اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ برادرزادہ اوران کے علوم وروایات کے وارث ہیں۔ آپ نے ’’تسکین الاولیاء فی حیات الانبیاء‘‘ کتاب لکھی جو حضرت مولانا محمد امین اوکاڑوی کے افادات کا مجموعہ کہلانے کی مستحق ہے۔ آپ نے اپنے چچا حضور کی معلومات حالات وواقعات اور علوم وتجربات کو اس خوبصورت ترتیب کے ساتھ اس میں جمع کر کے اہل طلب پر احسان کیا ہے۔ کتاب کیا ہے معلومات کا خزانہ، جو لٹانے کے لئے انہوں نے سرراہ رکھ دیا ہے۔ اس کتاب کو بھی اس مجموعہ میں شامل کیا جارہا ہے۔

(۴۷) مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ

پیدائش:۴؍اپریل۱۹۳۴ء ...... وفات:۳۱؍اکتوبر۲۰۰۰ء

مولانا محمد امین اوکاڑویؒ، مولانا عبدالقدیر شیخ الحدیث چھچھ کے شاگرد تھے۔ خوب حاضر جواب تھے۔ تعلیم کے بعد سکول میں ملازمت کی۔ ریٹائرمنٹ کے بعد جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی، جامعہ خیرالمدارس ملتان میں دعوت وارشاد کے مسئول رہے۔ صحیح معنی میں مناظر اسلام تھے۔ قادیانیت، عیسائیت اور دیگر مذاہب وفرق کے خلاف بھرپور تیاری تھی۔ جامعہ خیرالمدارس ملتان ۲۰۰۰ء میں آپ نے مسئلہ حیات الانبیاء پر تقریر کی، جسے جامعہ کے استاذ حضرت مولانا محمد نعیم احمد نے جمع کیا اور خطبات صفدر کی جلد۳ میں شائع کیا۔ اس مجموعہ میں ہم اسے شامل کررہے ہیں۔

(۴۸)

’’العروۃ الوثقی فی اثبات سماع الموتیٰ‘‘ کانپور سے شوال ۱۲۹۷ھ میں یہ رسالہ شائع ہوا۔ اس کے طابع جامی عبدالرحمٰن کانپوری تھے۔ یہ دراصل ایک فتویٰ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں جناب مولانا شیخ احمد قاضی، مولانا شیخ محمد عادل، مفتی عبدالقدوس، مفتی محمد عبداللہ الحسینی، مولانا عبدالعزیز بن غلام احمد، مولانا ابوالحسنات عبدالحئی، مولانا مفتی محمد نعیم، مولانا عبدالعلی مدراسی، مولانا سید عبدالحق، مولانا عبدالغفار

لکھنوی، ابوعطاء محمد اور مولانا محمد علی کے جوابات فتویٰ ہیں۔ ڈیڑھ سو سال کے قدیم فتویٰ پر اس رسالہ کو اس مجموعہ میں شائع کرنے پر خوشی ہو رہی ہے۔

(۴۹) حضرت مولانا اخلاق حسین قاسمی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

آپ دارالعلوم دیوبند کے فاضل اجل دہلی میں رہتے تھے۔ آپ نے ''حیات النبی ﷺ'' کے عنوان پر ایک مضمون لکھا جو ماہنامہ ''دارالعلوم'' دیوبند میں ربیع الاوّل ۱۳۷۳ھ مطابق دسمبر ۱۹۵۳ء میں شائع ہوا۔ ملتان میں حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے بڑے صاحبزادہ مولانا سید عطاء المنعم شاہ بخاری نے ''نادیة الادب الاسلامی'' کے نام سے ایک علمی ادبی انجمن قائم کی تھی۔ آپ نے اس اکیڈمی کے تحت نومبر ۱۹۵۵ء میں دارالعلوم دیوبند کے شائع ایک مضمون کو اپنے مقدمہ کے ساتھ پمفلٹ کی شکل میں شائع کیا، جسے ہم اس مجموعہ میں شامل کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

(۵۰) حضرت مولانا عبدالعزیز شجاع آبادی رحمۃ اللہ علیہ

پیدائش: ۱۹۲۷ء ...... وفات: ۳۰/اکتوبر ۱۹۹۸ء

بانی جامعہ عزیز العلوم شجاع آباد، مولانا عبدالعزیز شجاع آبادیؒ ایک نامور عالم دین، معروف مفسر قرآن اور مقرر تھے۔ بہت با اصول انہوں نے زندگی گزاری۔ آپ عرصہ تک اشاعۃ التوحید والسنۃ کے پلیٹ فارم سے عقیدہ توحید کی ترویج اور رد بدعات پر سرگرم عمل رہے۔ اشاعۃ التوحید کے مولانا سعید احمد چتروڑھی جیسے حضرات کے متشددانہ روّیہ اور مولانا سید عنایت اللہ شاہ بخاری کی طرف سے ان لوگوں کی حمایت پر دل برداشتہ ہو کر اشاعۃ التوحید والسنۃ کو خیر باد کہا اور ان کے نظریات کی تردید میں واقعاتی شہادتوں پر مشتمل انتہائی دل آزار مواد کو یکجا کر دیا۔ چنانچہ ۱۴۰۰ھ میں ''دعوت الانصاف فی حیات جامع الاوصاف'' نامی کتاب تحریر کی۔ متذکرہ معلومات کے علاوہ، آپ ﷺ کی حیات اور قبر شریف کے قریب سماع صلوٰۃ وسلام کے موضوع پر قابل قدر مواد جمع کر دیا ہے۔ آج سے قریباً نصف صدی پہلے کی یہ کتاب بھی اس مجموعہ کتب حیات النبی ﷺ میں شائع کی جا رہی ہے۔

ختم نبوت کانفرنس دریا خان

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ۷ مارچ ۲۰۲۴ء بعد نماز عشاء جامع مسجد فردوس میں ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی۔ تلاوت قاری عبداللہ، نعت مولانا عبیداللہ انور و مولانا منیر احمد کراچی نے پیش کی۔ مولانا محمود الحسن فریدی، مولانا محمد ساجد مبلغ خوشاب، مولانا تنویر احمد، مولانا انتظار احمد، مولانا محمد نعیم مبلغ بھکر اور مولانا محمد وسیم اسلم مبلغ ملتان کے بیانات ہوئے۔ الحمدللہ! کانفرنس انتہائی کامیاب رہی۔

انتخاب لاجواب

حافظ محمد انس

افسوس اور سوری

لفظ افسوس پہلے خاص خاص موقعوں پر استعمال کیا جاتا تھا لیکن اب اس کی ہر دلعزیزی کا یہ عالم ہے کہ ہر شخص کا تکیہ کلام ہے اور بات بات پر ''سوری'' یا افسوس کہہ کر قدم آگے بڑھاتے ہیں۔ سگریٹ پیش کرنے میں ذرا وقفہ ہوا، سوری۔ لائٹر یا دیا سلائی پہلی مرتبہ میں نہ جلی، سوری۔ سگریٹ کا دھواں دوسرے شخص کی طرف چلا گیا، سوری۔ پان نہیں کھاتے ہیں اس وجہ سے دوسرے کو بھی نہیں کھلا سکتے، سوری۔ چلنے میں پیچھے ہوگئے یا موٹر میں خود پہلے بیٹھ گئے تو سوری۔ کہاں تک مثالیں پیش کروں۔ مختصر یہ کہ اس زمانے میں بلا اس لفظ کی مشق کے کام چلنا دشوار ہے۔ ورنہ بداخلاقوں کی فہرست میں نام درج ہوجاتا ہے۔

اس نمائشی اٹیکیٹ میں حقیقی افسوس تو نام کو بھی نہیں ہوتا۔ ہماری مصنوعی اور نمائشی زندگی کی یہ بھی ایک شاخ ہے۔ ہماری چال ڈھال، رونا، ہنسنا، گفتگو ہر چیز نمائشی اور مصنوعی ہے:

سب ہی ہوجاتے ہیں اس شعلہ پرواز کے ساتھ　　گردش چرخ بدل دیتی ہے دنیا کا طریق

جب اس زمانے کا یہی طریق زندگی ہے تو بڈھے کیوں ٹھنڈی سانس لے کر برا مانیں۔ اگر نئے زمانے والے اپنے ماحول اور نئے زمانے کا ساتھ نہ دیں تو کس کے ہوکر رہیں اور کہاں جائیں۔ اس بات پر صبر کرنا چاہئے کہ نئی روشنی میں گو ہر شخص باخبر ہے لیکن اپنی ہی ضرورت کے مطابق۔ الفاظ کچھ بھی ہوا کریں لیکن مطلب اپنا ہوتا ہے۔ ہاں تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ لفظ سوری معنی کے لحاظ سے کچھ بھی ہو لیکن بڑے فائدے کی چیز ہے۔

فرض کیجئے آپ نے کسی دکان سے بہت سی چیزیں خریدیں، قیمت بھی ادا کردی، دکاندار نے بدنیتی سے کچھ چیزیں نکال لیں اور پیکٹ آپ کے حوالے کردیا۔ اگر آپ لے گئے تو دکاندار فائدے میں رہا۔ اگر آپ نے پیکٹ کھول کر جائزہ لیا اور گرفت کرلی تو اس نے سوری کہہ کر آپ کو وہ چیز دے دی۔ معاملہ ختم! ٹرین میں ایک خوش پوش بدمعاش نے رات کے وقت اپنا خالی ٹرنک چھوڑ دیا اور آپ کا ٹرنک جس میں قیمتی اشیاء ہیں قلی سے اٹھوا کر چل دیا۔ آپ نے خواب سے بیدار ہوکر اس کو روکا وہ دو تین بار سوری کہہ کر مسکراتا ہوا اپنا بکس لے کر چلا جاتا ہے۔ آپ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔

برسات کے موسم میں سر بازار ایک شخص پھسل کر آپ کے اوپر گرتا ہے اور ٹکرا کر آپ بھی گر کر لت پت ہو جاتے ہیں۔ لیکن اس کے سوری کہہ دینے سے آپ کی زبان مقفل ہو جاتی ہے اور آپ بازار والوں کا تماشہ بن جاتے ہیں۔ ہاکی اسٹک سے کھیل میں آپ بلا تامل کسی کی ٹانگ توڑ کر سوری کہہ دیجئے اور سیٹی بجاتے ہوئے چلے جائیے۔ مضروب ہسپتال میں جائے یا جنت الفردوس میں آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

ایک مرتبہ فری میسن لاج کے ڈنر میں ایک ہندوستانی کرنل صاحب کے قریب بیٹھا ہوا تھا۔ مرغ مسلم کے کرنل صاحب ٹکڑے کرنا چاہتے تھے۔ کسی بے ترتیبی پر مرغ اچھل کر میز پر گرا اور اس کا مسالہ میری آنکھ میں گرا۔ میری تو جان پر بنی ہوئی تھی اور وہ ویری سوری کی رٹ لگائے ہوئے تھے۔

ایک مرتبہ بمبئی میں ایک شخص تیزی سے میرے قریب سے گزرا اور دوسرے صاحب نہایت تیزی سے دکان کی سیڑھیوں سے اترے۔ دونوں میں تصادم ہو گیا، ہیٹ بھی گرے، وہ دونوں بھی گرے اور بیٹھ کر ایک دوسرے کو گھورنے لگے۔ جب حواس درست ہوئے تو وہی سستا نسخہ سوری اور رخصت۔

چلتی بس یا ٹرین میں کسی پر پانی پھینک دیجئے، ہوٹل میں یا کسی کے مکان، فٹ پاتھ وغیرہ مقامات پر پان کی پیک تھوک دیجئے، کسی کے قیمتی سامان کو گرا کر توڑ دیجئے، کتاب کو عاریتاً لے کر واپس مت کیجئے یا خراب کیجئے، ٹرین کے سفر کی گھبراہٹ میں کسی کے سر پر اپنا بکس گرا دیجئے، کسی کاروباری شخص کے مکان پر جا کر اس کا وقت ضائع کیجئے، کسی سے ملاقات کا وقت مقرر کر کے نہ جائیے، کسی کے بارے میں جھوٹی افواہ اڑا دیجئے، غیبت کیجئے، لیکن اگر سوری کے لفظ کی کافی مشق ہے تو بس بیڑا پار ہے۔

کسی سے معافی مانگنا، اپنی غلطی تسلیم کرنا عین اخلاق ہے لیکن کثرت استعمال کی بے قدری نے اس کی اہمیت کو گھٹا دیا ہے۔ اب اسی افسوس کا دوسرا درخشندہ پہلو ملاحظہ فرمائیے۔ کیا ہم نے کبھی ان لوگوں سے جن کی چوری کی ہے، جھوٹ بولا ہے، غیبت کی ہے، سازش کی ہے، نقصان پہنچانے کی غرض سے جڑیں کاٹی ہیں، دھوکا دے کر رقومات حاصل کی ہیں، اپنی ان غلطیوں کی تلافی کی غرض سے ان کے پاس جا کر کبھی اقرار کیا ہے یا کبھی معافی مانگی ہے؟ آپ صبح سے شام تک گناہ کرتے ہیں۔ کیا خلوص دل سے اللہ تعالیٰ کے حضور میں کبھی سوری کہا ہے؟ کیونکہ افسوس کا نتیجہ توبہ ہے جو صرف ایک مرتبہ کی جاتی ہے۔ یہی حالت تھینک یو کی ہے جس قدر اشیاء کی گرانی بڑھتی جاتی ہے تھینک یو کا استعمال ارزاں ہوتا جاتا ہے۔ ہر چھوٹی سے چھوٹی بات پر تھینک یو کہا جاتا ہے۔ کیا آپ نے پروردگار عالم کے حضور میں بھی سجدہ شکر کبھی ادا کیا ہے؟ جس نے انواع واقسام کی نعمتیں ہمیں عطا فرمائی ہیں۔ (عمر رفتہ ص ۴۰۴ تا ۴۰۶)

واقف نہیں ہیں کیا رہ ورسم جہاں سے ہم لائیں مگر فریب کی صورت کہاں سے ہم

مولانا عصمت اللہؒ چل بسے

مولانا محمد ساجد

ضلع لیہ کی تحصیل کروڑلعل عیسن کی نواحی بستی بھڈاں والی میں مہر غلام رسول سواگ کے ہاں ۱۹۸۱ء میں آپ نے آنکھ کھولی، والدین نے آپ کا نام عصمت اللہ رکھا۔ پرائمری تک ابتدائی تعلیم اپنے علاقہ میں حاصل کی، والدین نے اپنے اس لخت جگر کو تعلیم دین کے لئے وقف کردیا، دنیا کیا جانتی تھی یہ دیہات کے باسیوں کا سعادت مند بیٹا علم وعرفان کے مرکز عالم اسلام کی عظیم درسگاہ میں استاذ الحدیث اور عظیم خانقاہ میں امامت کے فرائض سرانجام دیں گے۔۱۹۹۲ء میں قاری امیرالدین رحیمیؒ کے ہاں مدرسہ رحیمیہ ملتان میں حفظ قرآن کے بعد قاری اقبال رحیمی مدظلہ کے پاس تجوید قراءت پڑھی، جبکہ درس نظامی کے لئے خیرالمدارس میں داخلہ لیا اور وہیں سے ۲۰۰۵ء میں سند فراغت حاصل کی۔ ۲۰۰۸ء میں جامعہ عربیہ سعدیہ خانقاہ سراجیہ کندیاں میں آپ کی تقرری ہوئی، پہلے سال سے ہی منتہی درجات کے اسباق مل گئے، انتہائی قابل استاذ تھے، مشکل مضامین کو آسان پیرایہ میں سمجھا لیتے تھے، صرف ونحو، منطق، بلاغت میں کمال حاصل تھا۔علم حدیث، علم تفسیر اور علم فقہ میں بھی مہارت حاصل تھی۔

آپ ہر سال رمضان المبارک میں دو مرتبہ قرآن کریم سناتے، ۴۴ مرتبہ تراویح میں قرآن سنانے کی سعادت حاصل کرچکے تھے۔ مسجد احمد خان خانقاہ سراجیہ میں رمضان المبارک کی تراویح میں تین قرآن سنائے جانے کا معمول ہے۔ آخری عشرہ میں ایک ختم قرآن مسجد احمد خانؒ خانقاہ سراجیہ میں آپ سناتے، سینکڑوں لوگ آپ کا قرآن سننے کے لئے دور سے تشریف لاتے۔ استاذ محترمؒ ۲۰۰۹ء سے ہی یہ سعادت حاصل کررہے تھے، عقیدہ ختم نبوت سے والہانہ عقیدت رکھتے تھے اور ہر سال اپنے رفقاء کے ہمراہ اپنی جماعت عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیراہتمام چناب نگر کی سالانہ ختم نبوت کانفرنس میں تشریف لے جاتے۔

راقم کی ۲۰۲۳ء میں ضلع میانوالی میں بحیثیت مبلغ تقرری ہوئی تو استاد مکرم علاقہ میں موجود فاضلین خانقاہ سراجیہ کے حوالہ سے رہنمائی فرماتے رہتے، ۴/اکتوبر ۲۰۲۳ء کندیاں سالانہ ختم نبوت کانفرنس کے انتظامات میں رہنمائی اور بھرپور تعاون کیا اور کانفرنس میں خود بھی تشریف لائے۔ ۲۸ جنوری ۲۰۲۴ء کو کندیاں ختم نبوت کنونشن کے لئے وقت لینے اور طلباء کرام کو چناب نگر کورس میں شرکت کی دعوت دینے کے سلسلہ میں حاضری ہوئی، استاد محترم نے شفقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے میری درخواست قبول فرمائی اور

۱۰رفروری کا وقت عنایت فرمایا۔ تمام طلباء کرام کو عشاء کے بعد ہال میں جمع فرما کر ان میں بیان کا اعلان فرما کر راقم کو اپنی نگرانی میں طلباء کرام سے گفتگو کا موقعہ فراہم کیا، آہ!! کیا معلوم تھا کہ یہ آخری ملاقات ہوگی، اور ہم ان شفقتوں سے محروم ہو جائیں گے۔ میانوالی میں وفاق المدارس کے امتحانی سنٹر علی بن ابی طالبؓ میں بطور نگران اعلی تشریف لے گئے، عصر کے بعد والی بال کھیلے، اپنے رفقاء کرام کو مغرب کی نماز با جماعت پڑھائی، مغرب کے بعد سینہ میں تکلیف محسوس کی، ہسپتال منتقل کیا گیا، اور وہیں ۳۱رجنوری ۲۰۲۴ء مغرب کے بعد اپنے خالق حقیقی سے جا ملے، انا للہ وانا الیہ راجعون! یکم فروری ۲۰۲۴ء بروز جمعرات کو ملک بھر سے آپ کے شاگردوں اور عقیدت مندوں نے آپ کے آبائی گاؤں میں حضرت مولانا خواجہ عزیز احمد صاحب نائب امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی اقتداء میں جنازہ پڑھ کر الوداع کیا، راقم نے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لیہ کے ضلعی مبلغ مولانا محمد نعیم کے ہمراہ جنازہ میں شرکت کی۔

اللہ تعالیٰ آپ کے جمیع اہل خانہ کو صبرِ جمیل عطا فرمائے، اور آپ کے بچوں کی خزانہ غیب سے کفالت فرمائے۔ آمین یارب العالمین!

مولانا غلام جعفرؒ اٹھارہ ہزاری جھنگ کا وصال

موصوف ملک کے نامور خوش الحان خطیب تھے، دارالعلوم کبیروالہ سے تعلیم حاصل کی۔ علوم اسلامیہ سے فراغت کے بعد آپ نے تیس پینتیس سال جامعہ محمد اٹھارہ ہزاری میں تدریس کے فرائض سرانجام دیئے۔ چونکہ خوش الحان خطیب تھے تدریس کے دوران قرب وجوار میں تبلیغی پروگراموں کی وجہ سے مصروفیات بڑھنے لگیں تو تدریس چھوڑ دی اور ۲۰۱۱ء سے اپنے آپ کو دعوت وتبلیغ کے لئے وقف کر دیا۔

اصلاحی تعلق مولانا محمد نواز سیال نقشبندی مدظلہ سے تھا اور ان سے مجاز بھی ہوئے۔ چنانچہ جنازہ بھی مولانا محمد نواز سیال مدظلہ نے پڑھایا۔ جنازہ سے پہلے مرشد نے خطاب کرتے ہوئے فرمایا جب ہم نے جامعہ حنفیہ قادریہ کی بنیاد رکھی تو خیال ہوا کسی صالح طالب علم سے سنگ بنیاد رکھوایا جائے تو نظر انتخاب موصوف پر پڑی جو بچپن ہی سے صالح مزاج تھے تو موصوف سے سنگ بنیاد کی پہلی اینٹ رکھوائی گئی۔ گردوں کے مریض چلے آرہے تھے چنانچہ ۲۸رفروری ۲۰۲۴ء کو انتقال فرمایا آپ نے ورثا میں ہزاروں شاگردوں کے علاوہ چار بیٹے اور بیوہ سوگوار چھوڑی۔ تین بیٹے عالم فاضل ہیں اور چاروں حافظ وقاری ہیں۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی کانفرنسوں میں بھی شریک ہو کر اپنی خوش الحانی سے مجمع کو مسحور فرماتے۔ آپ کا اکثر بیان اصلاح معاشرہ اور موت کی تیاری پر ہوتا۔ اللہ اغفر لہٗ وارحمہ! (مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی)

مولانا قاری غلام محمود انور اوکاڑہ کا وصال

۱۸؍جنوری ۲۰۲۴ء بروز جمعہ مولانا قاری محمود انور حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال کرگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون ! آپ کا خاندان ہوشیارپور سے یہاں آباد ہوا۔آپ نے قاری محمد علی سے حفظ کیا اورگردان قاری رحیم بخش پانی پتی سے کی۔ جامعہ خیرالمدارس ملتان سے کتب کا آغاز کیا۔ دورہ حدیث شریف دارالعلوم کبیروالہ میں مکمل کیا۔تقریباً ۱۹۷۳ء سے جامعہ محی الاسلام نئی لکڑمنڈی کا اہتمام، امامت وخطابت کے فرائض تادم آخرانجام دیتے رہے۔حضرت قاری صاحب مجلس ختم نبوت کے سرپرست تھے۔ آپ ایک دل کش شخصیت انسان اورمہمان نوازی میں اپنی مثال آپ تھے۔اپنے مدرسہ کو دفترختم نبوت بنایا۔جلسوں میں مسلک علماء دیوبند کی خوب نمائندگی کرتے تھے۔ان کے چھوٹے بھائی حافظ نصیراحمد نے نماز جناہ پڑھائی اور ہزاروں کی تعداد میں عوام الناس وعلماء کرام شریک ہوئے۔اللہ رب العزت قاری صاحب کوکروٹ کروٹ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔(مولانا عبدالرزاق مجاہد)

بنوں میں توہین رسالت کرنے والا سکول ٹیچر گرفتار

بنوں گورنمنٹ ہائی سکول سکندرخیل بالا کے ایس ایس ٹی استاد نے توہین رسالت کا ارتکاب کیا۔ جس پر تھانہ بسیہ خیل میں ملزم کے خلاف ایف آئی آر درج کرادی گئی۔تفصیلات کے مطابق بنوں کے گورنمنٹ ہائی سکول سکندرخیل بالا کے انگریزی کے استاد عارف اللہ کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ وہ توہین رسالت کے مرتکب ہوئے ہیں اوران کے خلاف ختم نبوت کے ضلعی جنرل سیکرٹری انعام الحق کی مدعیت میں تھانہ بسیہ خیل میں باقاعدہ ایف آئی آر درج کیا گیا جس میں بتایا گیا ہے کہ مذکورہ استاد نے سکول میں دوبار توہین رسالت کا ارتکاب کیا ہے جس کے گواہ موجود ہیں۔واقعہ کی اطلاع پر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی ضلعی قیادت نے پولیس کو مطلع کیا۔جس پر پولیس نے مذکورہ ٹیچر کو گرفتار کرلیا۔ بعدازاں ختم نبوت کا ہنگامی اجلاس منعقد ہوا، جس میں انعام الحق اورعینی شاہدین نے واقعہ تفصیل سے بیان کیا۔جس پر ضلعی امیر مفتی عظمت اللہ سعدی، مولانا شمس الحق حقانی، مولانا امام یوسف اوردیگر اکابرعلماء کرام کی مشاورت کے بعد اعلان کیا گیا کہ چونکہ مذکورہ ٹیچر کے خلاف قانون حرکت میں آ گئی اس لئے ہم انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ان کے خلاف توہین رسالت قانون کے تحت فوری کارروائی کرے۔لیکن ایسا نہ ہو کہ ابھی تک ۳۳۳ توہین رسالت کے مرتکب افراد جو جیلوں میں قید ہیں اوران کے خلاف کوئی کارروائی نہیں اور یہ ۳۳۴ واں کیس بن جائے۔انہوں نے کہا کہ بنوں کے عوام شمع رسالت کے پروانے ہیں اوروہ مزید کسی توہین رسالت کو برداشت نہیں کرسکتے۔

جنگ آزادی میں قادیانی جماعت کا شرمناک کردار

دوسرا و آخری حصہ　　　　مولانا معزالدین

(ہ) ۱۷؍دسمبر ۱۹۱۹ء کو گورنر پنجاب کی خدمت میں ۵۱؍سرکردہ لیڈروں کی طرف سے ایک سپاسنامہ دیا گیا اس میں لکھا کہ: ’’ہم خداتعالیٰ کا شکر کرتے ہیں کہ ایسے خطرناک دشمن کے حملہ کے مقابلہ میں گورنمنٹ برطانیہ کو فتح عطا کی...... ہم خدا کا شکر کرتے ہیں کہ اس نے ہماری جماعت کو بھی اس نازک وقت میں جب کہ برٹش گورنمنٹ چاروں طرف سے دشمنوں کے نرغہ میں گھری ہوئی تھی اور اس کے بعد جب کہ اسی جنگ کے نتائج کے طور پر اسے خود اندرون ملک اور سرحد پر بعض خطرات کا سامنا ہوا۔ اپنی طاقت اور اپنے ذرائع سے بڑھ کر خدمات کا موقع دیا۔‘‘ (الفضل قادیان ص۱۳، ۲۲؍دسمبر ۱۹۱۹ء)

(و) نومبر ۱۹۱۸ء میں جنگ عظیم کے اندر برطانیہ اور اس کے اتحادیوں نے فتح حاصل کر لی، جرمنی نے جنگ بندی کا اعلان کر دیا۔ ترکی سلطنت تباہ ہوگئی جس پر ہندوستان کے طول وعرض میں ترکی کی تباہی پر آنسو بہایا جارہا تھا۔ احتجاجی جلسے کئے جارہے تھے۔ چندہ جمع کیا جارہا تھا۔ نوجوان انگریزوں پر سیاسی دباؤ ڈالنے کے لئے گرفتاریاں دے رہے تھے اور قادیان میں جشن فتح کا چراغاں کیا جارہا تھا اور خوشی کے جلسے ہورہے تھے ایک جلسہ کی کارروائی ملاحظہ کریں۔

’’۱۳؍تاریخ (نومبر ۱۹۱۸ء) جس وقت جرمنی کے شرائط صلح منظور کر لینے اور التوائے جنگ کے کاغذ پر دستخط ہو جانے کی اطلاع قادیان پہنچی تو خوشی اور انبساط کی ایک لہر برقی سرعت کے ساتھ تمام لوگوں کے قلوب میں سرایت کر گئی جس نے اس خبر کو سنا نہایت شاداں وفرحاں ہوا۔ دونوں اسکولوں، انجمن ترقی اسلام اور صدر انجمن احمدیہ کے دفاتر میں تعطیل کر دی گئی بعد نماز عصر مسجد مبارک میں ایک جلسہ ہوا جس میں مولانا سید محمد سرور شاہ صاحب نے تقریر کرتے ہوئے جماعت احمدیہ کی طرف سے گورنمنٹ برطانیہ کی فتح ونصرت پر خوشی کا اظہار کیا اور اس فتح کو جماعت احمدیہ کے اغراض کے لئے نہایت فائدہ بخش ہوا۔ حضرت خلیفۃ المسیح ثانی کی طرف سے مبارک باد کے تار بھیجے گئے اور حضور نے پانچ سو روپے اظہار مسرت کے طور پر ڈپٹی کمشنر صاحب گورداسپور کی خدمت میں بھجوایا کہ آپ جہاں پسند فرمائیں خرچ کریں۔ پیشتر ازیں چند روز ہوئے ٹرکی اور آسٹریا کے ہتھیار ڈالنے کی خوشی میں حضور نے پانچ ہزار روپے جنگی اغراض کے لئے ڈپٹی کمشنر صاحب کی خدمت میں بھجوایا۔‘‘ (الفضل قادیان ۲۳؍نومبر ۱۹۱۸ء بحوالہ قادیان سے اسرائیل تک ص۸۷، ۸۸)

(ز) ۱۳ر تا ۱۶ر دسمبر ۱۹۱۹ء گورنمنٹ نے جشن فتح کا اعلان کیا جو گورنمنٹ کے زیر اہتمام منایا گیا۔ خلافت کمیٹی اور کانگریس نے اس جشن فتح کا بائیکاٹ کیا، جب کہ قادیانیوں نے بڑے دھوم دھام سے چار دن جشن فتح منایا، جس میں اخبار الفضل قادیان مؤرخہ ۱۱ر دسمبر ۱۹۱۹ء کے اعلان کے مطابق ہر رنگ اور طریق سے خوشی اور مسرت کے اظہار کا سامان فراہم کیا گیا۔

(۵) جلیان والہ باغ

۱۳ر اپریل ۱۹۱۹ء کو امرتسر میں ایک زبردست سانحہ پیش آیا جو آزادی ہند کی تاریخ میں سانحہ جلیان والہ باغ سے مشہور ہے اور جس کو آزادی کی جنگ میں ایک سنگ میل سمجھا جاتا ہے۔ جنرل ڈائر نے مسلمانوں اور ہندوؤں کے اس مشترکہ جلسہ میں شریک جنگ آزادی کے متوالوں پر ۱۶۵۰ راؤنڈ گولی چلوا کر ۳۷۹ جانبازوں کو بھون دیا اور ۱۲۰۰ زخمی ہوگئے۔ اس قیامت خیز سانحہ پر سارا ملک سراپا احتجاج بن گیا۔ ہر چہار طرف صف ماتم بچھ گئی۔ اس انسانیت سوز حادثہ پر بھی قادیانیوں کو کچھ ملال نہ ہوا بلکہ اس کو اپنی فتح سے تعبیر کیا۔ ابوالبشیر عرفانی سیرت مسیح موعود میں مرزائیوں کی مسرت کا اس طرح اظہار کرتا ہے۔

’’اسی امرتسر میں جہاں اس کے مرسل پر پتھر برسائے گئے تھے گولیوں کی بارش کرادی اور تاریخی طور پر یہ عزت بخش نظارہ ایک یادگار کے طور پر جلیان والہ باغ کی صورت میں قائم رہ گیا۔ احمق اور نادان اس قسم کے واقعات سے سبق اور عبرت حاصل نہیں کیا کرتے۔ لیکن سنت یہی ہے کہ وہ اپنا عتاب اور عذاب مختلف صورتوں میں نازل کرتا ہے اور خصوصاً ایسے اوقات میں اہل قریہ بالکل غافل ہو جاتے ہیں۔

(سیرت مسیح موعود مرتبہ ابوالبشیر عرفانی ص ۴۲۱)

(۶) تحریک خلافت وترک موالات کی مخالفت

۱۹۲۰ء تا ۱۹۲۲ء پورے ملک میں عدم تشدد اور ترک موالات کی تحریک زوروں پر تھی۔ انگریزی خطابات واپس کئے جارہے تھے۔ ولایتی مال کا بائیکاٹ کیا جاتا تھا۔ انگریزوں کی ملازمت کو خیر باد کہا جارہا تھا۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں کے طلبہ انگریزی سکولوں سے نکل کر الگ قومی کالج اور یونیورسٹیاں بنارہے تھے اور آزادی کے متوالے گورنمنٹ برطانیہ کے قوانین توڑ کر جیلیں بھر رہے تھے۔ اس وقت بھی یہ سرکار پرست جماعت کاسہ لیسی، خوشامد اور اظہار وفاداری میں مصروف نظر آتی ہے اور برطانوی سامراج کے شانہ بشانہ اس تحریک کو کچلنے کے لئے پوری طاقت صرف کرتی دکھائی دیتی ہے۔ ملاحظہ فرمائیں:

(الف) اپریل ۱۹۲۰ء میں قادیانی جماعت کی طرف سے برطانوی پارلیمنٹ کے ممبران کو ایک خط

بھیجا گیا جس میں لکھا ہے کہ: ’’ہم ان پر آشوب ایام میں اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ آپ کو اس جماعت کے سیاسی خیالات سے آگاہ کردیں اپنی حکومت کا وفادار رہنا اوران پر خدا کی رحمت چاہنا اس کے اصولوں میں سے ایک ہے۔‘‘ (الفضل قادیان ۱۲؍اپریل ۱۹۲۰ء)

(ب) ۲۳؍جون ۱۹۲۱ء کوشملہ میں وائسرائے ہند لارڈ ریڈنگ کو قادیانی جماعت نے سرظفراللہ قادیانی کی قیادت میں ایک سپاسنامہ پیش کیا جس میں اپنی وفاداری کا اعادہ کرکے اپنی خدمات پیش کیں۔ لکھا کہ: ’’ہم جناب کو ہندوستان میں ملک معظم کا سب سے بڑا قائم مقام سمجھ کر یہ یقین دلاتے ہیں کہ ہم ہر ممکن اور جائز طریقے سے جناب کے ارادوں اور تجویزوں کو کامیاب بنانے کی کوشش کریں گے۔‘‘

(الفضل قادیان ۴؍جولائی ۱۹۲۱ء)

(ج) ۱۹۲۲ء میں شہزادہ ویلز کے ہندوستان آنے کے موقعہ پر قادیانی سربراہ مرزا محمود نے ایک کتاب ’’تحفہ شہزادہ ویلز‘‘ مرتب کیا جس میں اپنی جماعت کی تمام تر وفاداریوں اور برطانوی سامراج کے لئے خدمات کا ذکر کرکے آئندہ کے لئے اظہار وفاداری کا اعادہ کیا۔ اس تحفہ کو قادیانی جماعت کے ۳۲۲۰۸ ممبروں نے ایک ایک آنہ جمع کرکے ایک مرصع روپہلی کشتی میں پیش کیا جس کی ابتداء میں شہزادہ کو مبارک باد دینے کے بعد لکھا کہ: ’’آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جماعت احمدیہ حکومت برطانیہ کی کامل وفادار ہے اور ان شاء اللہ وفادار رہے گی۔‘‘ (تحفہ شہزادہ ویلز ص۱)

(۷) ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۲ء کی تحریک سول نافرمانی کے خلاف قادیانی جماعت کی خدمات

۱۹۳۰ء اور ۱۹۳۲ء میں آزادی کے متوالوں نے برطانوی حکومت کے آرڈی نینسوں کے خلاف سول نافرمانی کی تحریک چلائی جس میں لاکھوں مجاہدین وطن جیل گئے۔ چھ چھ مہینہ، سال سال بھر اور دو دو سال کی سزائیں جھیلیں۔ اس تحریک کی بھی اس برطانوی پروردہ جماعت نے پوری قوت سے مخالفت کی۔ ملاحظہ فرمائیں:

(الف) قادیانی سربراہ مرزا محمود اپنے خطبہ جمعہ میں بیان کرتا ہے کہ: ’’میں نے پھر بھی کانگریس کی شورش کے وقت میں ایسا کام کیا ہے کہ کوئی انجمن یا فرد اس کی مثال پیش نہیں کرسکتا۔ اگر میں اس وقت الگ رہتا تو یقیناً ملک میں شورش بہت زیادہ ترقی کرجاتی۔‘‘ (اخبار الفضل قادیان ۲۸؍مئی ۱۹۳۱ء)

(ب) ناظر امور خارجہ قادیان نے اس تحریک کے آغاز پر اپنی بیرونی جماعتوں کو ایک مراسلہ بھیجا جس میں لکھا کہ: ’’اپنے علاقہ کی سیاسی تحریکات سے پوری طرح واقف رہنا چاہئے اور کانگریس کے اثر کو

بڑھنے اور گھٹنے سے مرکز کو اطلاع دیتے رہیں۔ اگر کوئی سرکاری افسر سیاسی تحریکوں میں حصہ لیتا ہو یا کانگریسی خیالات رکھتا ہو تو اس کا بھی خیال رکھیں اور یہاں (قادیان) اطلاع دیں۔‘‘

(اخبار الفضل قادیان ۲۲؍جولائی ۱۹۳۰ء)

(ج) ۱۹۳۵ء میں مرزا محمود نے اپنی جماعت کی خدمات بیان کرتے خطبہ جمعہ میں بیان کیا کہ:
اس کے بعد ہر موقع پر جب کانگریس نے شورش کی ہم نے حکومت کی مدد کی۔ گزشتہ گاندھی موومنٹ کے موقع پر ہم نے پچاس ہزار روپیہ خرچ کر کے ٹریکٹ اور اشتہار شائع کئے اور ہم ریکارڈ سے یہ بات ثابت کر سکتے ہیں۔ سینکڑوں تقریریں اس تحریک کے خلاف ہمارے آدمیوں نے کیں اعلیٰ مشورے ہم نے دیئے جس میں اعلیٰ حکام نے پسندیدگی کی نظر سے دیکھا۔‘‘ (اخبار الفضل قادیان ۲۶؍جنوری ۱۹۳۵ء)

(۸) دوسری جنگ عظیم ۱۹۳۹ء تا ۱۹۴۵ء میں قادیانی جماعت کی انگریز کے لئے خدمات

یکم ستمبر ۱۹۳۹ء کو دوسری جنگ عظیم شروع ہوئی۔ ۳؍ستمبر ۳۹ء کو برطانیہ نے ہندوستان کو بھی اس جنگ میں شامل کرلیا۔ یہ جنگ ۱۹۴۵ء تک جاری رہی۔ ہندوستان کی تمام جماعتوں نے جو آزادی کے لئے کوشاں تھیں۔ اس جنگ میں برطانوی امپریلزم کو کس طرح کی امداد دینے سے باشندگان وطن کو روکا جس کی پاداش میں جیل کی سلاخوں میں ڈالے گئے۔ یہی وقت تھا جب آزادی کی فیصلہ کن جنگ ہو رہی تھی۔ ۱۹۴۲ء میں کوئٹ انڈیا تحریک نے ملک کو آزادی کے آغوش تک پہنچا دیا۔ اس موقعہ پر بھی انگریزوں کی یہ نمک حلال جماعت اپنی وفاداری کا ثبوت دیتی رہی اور آزادی وطن کی اس کوشش کو بھی بار آور نہ ہونے کے لئے بھرپور کوشش کی۔ تاریخ احمدیت کا مؤلف دوست محمد شاہد قادیانی لکھتا ہے کہ: ’’مرزا شریف احمد نے ہندوستان کے طول وعرض سے بھرتی کے لئے قادیانیوں کو جمع کیا اور جنگی اغراض کے لئے چندہ اکٹھا کیا۔ ۱۶؍ہزار آدمیوں کو بھرتی دی گئی جن کا سالانہ چندہ ایک لاکھ کے قریب پہنچ گیا۔‘‘

اور آگے لکھتا ہے کہ: ’’احمدی سپاہیوں نے اندرون ملک اور ملک کے باہر مشرق وسطیٰ اور مشرق بعید میں فرض شناسی، شجاعت اور بہادری کے خوب جوہر دکھائے اس دوران انہیں ہانک کانگ وغیرہ علاقوں میں ہندوستانی فوجیوں کی مخالفت کا سامنا بھی کرنا پڑا اور جاپان کی قید وبند کی صعوبتیں بھی جھیلنا پڑیں۔‘‘

(تاریخ احمدیت ج نہم ص ۳۳۱ بحوالہ قادیان سے اسرائیل تک ص ۱۶۶)

(۹) آزاد ہند فوج کی سرگرمیوں کے خلاف قادیانی جماعت کا کارنامہ

دوسری جنگ عظیم چھڑنے کے بعد ۱۹۴۲ء بابو سبھاش چندر بوس اور موہن سنگھ نے آزاد ہند فوج

(انڈین نیشنل آرمی) بنا کر ہندوستانیوں کو انگریزوں کے خلاف لڑنے کے لئے تیار کیا۔ تا کہ برطانیہ کو ہندوستان سے نکالا جاسکے۔اس جدوجہد آزادی کے خلاف قادیانی مبلغ ایاز نے بڑی جانفشانی کی۔الفضل قادیان کے الفاظ میں اس کی تفصیل مذکور ہے۔ چند اشارے ملاحظہ فرمائیں۔

''۱۹۴۲ء کے شروع میں جب جاپانی سنگاپور آئے تو پروپیگنڈا شروع ہوا کہ ہندوستانی فوجیوں کی ایک فوج بنائی جائے اور جاپانیوں سے امداد لی جائے۔ ماہ مئی کے قریب موہن سنگھ نے آئی این اے بنائی اور لیگ بنائی جو فوجی اس کے مخالف تھے۔انہوں نے کیمپوں کو چھوڑ کر اندرون شہر میں پناہ لینی شروع کی اور کئی دوست مولوی ایاز صاحب سے امداد کے طالب ہوئے۔آپ نے اس کی سرگرم مخالفت شروع کردی اس پر حامیان آئی این اے اور جاپانی جناب مولوی صاحب کے درپے آزاد ہو گئے تمام افراد جماعت کو طرح طرح سے تنگ کیا گیا۔ایک دفعہ مولوی صاحب کو ایک کیمپ میں مخالفانہ پروپیگنڈہ کرنے کی وجہ سے گرفتار کرلیا گیا۔ کافی دن مقدمہ چلتا رہا۔لیکن جب تک کوئی خلاف فیصلہ ہو، اللہ تعالیٰ نے موہن سنگھ کا ہی فیصلہ کردیا اور آئی این اے کے ریکارڈ جلادیئے گئے۔ جاپانیوں نے دوبارہ فوجیوں کو پی او ڈبلیو، کیمپوں میں بھیج دیا سویلین منتشر کردیئے گئے اس کے بعد جب راش بہاری بوس اور سبھاش چندر بوس کی کوششوں سے آئی اے این بی اور اس تحریک نے بہت قدم پھیلا لئے تو مولوی صاحب موصوف نے بھی اپنی مخالفت تیز کردیا۔کونسل تک میں سوال اٹھایا گیا کہ غلام حسین ایاز جو سخت پروپیگنڈہ کررہا ہے اور اتنا مخالف ہے کیا وجہ ہے ابھی تک گرفتار نہیں کیا گیا۔مولوی صاحب پی او ڈبلیو کی سامان خوراک کپڑوں اور نقدی کے ساتھ مقدور بھر امداد کی جو جاپانیوں کی نظر میں خطرناک جرم تھا اور آئی این اے کے ایک سرگرم ممبر اور افسر کو اپنے ساتھ ملا کر آئی این اے کے اندر مخالفین کا جتھ تیار کیا۔وغیرہ وغیرہ! (الفضل قادیان ۶ر فروری ۱۹۴۶ء بحوالہ قادیان سے اسرائیل تک ۱۴۸،۱۴۹)

مولف تاریخ احمدیت نے قادیانی جنگی قیدیوں کے حوالہ سے لکھا ہے کہ:''مولوی ایاز پر بہت سختیاں کی گئیں ہر روز مولوی صاحب کے خلاف رپورٹیں پہنچتی رہتی تھیں اور ہر وقت جاپان ملٹری پولیس اور سی آئی ڈی مولوی صاحب کے پیچھے لگی رہتی تھی۔'' (تاریخ احمدیت ج ہشتم ص ۶۰۲ بحوالہ قادیان سے اسرائیل تک ص ۱۵۰)

مختصر طور پر نوعنوانات کے تحت جدوجہد آزادی کے خلاف قادیانی جماعت کی سرگرمیوں اور برطانوی سامراج کے ساتھ وفاداریوں کا سرسری جائزہ لیا گیا ہے اس سے یہ امر روز روشن کی طرح عیاں ہوجاتا ہے کہ آزادی ملک میں اس کا کوئی مثبت کردار نہیں۔ اس لئے جشن آزادی کی سالگرہ پر اس برطانوی جماعت کا جشن آزادی منانا انتہائی بے شرمی اور ڈھٹائی ہے: شرم تم کو مگر نہیں آتی!

(ماہنامہ دارالعلوم دیوبند اکتوبر ۱۹۹۷ء ص ۳۴ تا ۴۵)

قادیانیوں کی قانونی و دینی حیثیت

قسط نمبر:9　جناب رفیق گوریجہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

ختم نبوت پر مسلمانوں کی یکجہتی اور غیر مسلموں کا تجسس

ویسے تو ہر دور میں غیر مسلم حکمران اور مختلف عقیدہ رکھنے والے دیگر مذاہب کے راہنما اور بالخصوص برصغیر پاک وہند کے حوالے سے، اس زمانہ کے مقتدر حلقے، برطانوی سامراج/ ایسٹ انڈیا کمپنی، اس بارہ میں متجسس تھے اور یہ جاننا چاہتے تھے کہ مسلمانوں کے درمیان کون سا ایسا عظیم بندھن ہے جو کہ، باوجود بے پناہ باہمی رنجشوں، شدید فکری، تہذیبی، مذہبی، معاشی، اقتصادی اور معاشرتی اختلافات کے ان کی شیرازہ بندی کئے ہوئے ہے، اور ان کی اجتماعیت کو مکمل طور پر ٹوٹنے نہیں دیتا، ایسی کوششوں کے بعد، وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ سرورِ کائنات محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کی ذات اقدس ہی ایک ایسی ہستی ہے جو ان کے ایمان میں مرکزی حیثیت کی حامل ہے اور تمام مسلمان، بلا کسی تقسیم کے، خواہ ان کا تعلق کسی بھی فرقہ، وطنی یا فکری گروہ سے ہو، وہ ان کی شان میں کسی بھی طرح کی گستاخی اور ان کے مقام ومرتبہ کے بارہ میں کسی بھی طرح کی تنقید، تنقیص اور منفی حرف زنی کو قطعاً برداشت نہیں کرتے، اور اس ضمن میں انہیں اس بات کا مکمل طور پر احساس ہے، اور اس بارہ میں ان کا ایمان راسخ، اور عقیدہ واضح ہے کہ حضرت محمد ﷺ، جو کہ امام الانبیاء، رحمۃ للعالمین اور خاتم النّبیین کا مرتبہ اور مقام رکھتے ہیں، ان کے نبی اور رسول (محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ) ہیں اور ان کے بغیر اسلام میں کسی مسلمان کا کوئی وجود نہیں۔

اللہ تعالیٰ کے نبی ﷺ ہر گھر کے ہر فرد سے بڑے اور وہ ان سب سے زیادہ محبوب، قابل تعظیم وتکریم اور پیارے ہیں اور انہیں (محمد ﷺ کو) فی الواقعی ایسا سمجھا اور تسلیم کیا جاتا ہے اور اس طرح سے عالمی سطح پر مجموعی طور آنحضرت ﷺ کی شخصیت ہی سب سے بڑے اور محبوب ترین فرد کی ہے۔ اس عقیدت مندی کو کسی بھی مسلمان کے ایمان سے جدا نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اس بندھن کو توڑا جا سکتا ہے۔ ایک غیر مسلم کے لئے ممکن ہی نہیں کہ وہ ایمان کی اس جہت کو جان اور پہچان سکے اور اس میں سموئی محبت کی چاشنی کو محسوس کر سکے۔

مسلمانوں کی اس فکری ہم آہنگی اور خاتم النّبیین، محبوب خدا حضرت محمد ﷺ کے ساتھ ان کی دِلی وابستگی، محبت وعقیدت کو فلسفہ ختم نبوت نے اور زیادہ تقویت بخشی اور مسلمانوں کے لئے یہ بات وجہ امتیاز بن گئی کہ وہ آخری اُمت ہیں، ان کی اسی ایمانی یک جہتی کو توڑنے، اور ان کی محبت اور انتہائی جذباتی وابستگی کو

معدوم کرنے کی مذموم کوششوں کی تکمیل کی خاطر حاکمانِ وقت نے سوچا کہ مسلمانوں کے درمیان بگاڑ پیدا کرنے کی خاطر ختم نبوت کے تصور کو مسخ کر دیا جائے، اور ایک آخری اُمت کے تصور کو بے اثر کرنے کی خاطر، سلسلہ انبیاء کے ختم نہ ہونے کے نظریہ اوراس کے نتیجہ میں نئے نبی کے آنے کی گنجائش کو اُجاگر کیا جائے اوراس کے ساتھ ہی اپنے آزمودہ شخص سے اعلانِ نبوت کرادیا جائے اوراس کے پیروکاروں کو دنیاوی مال و متاع سے نوازا جائے اوراس نئے خودساختہ نبی کے ذریعے نئی نبوت کی بنیاد رکھ کر، موجودہ اُمت کو اُمت در اُمت تقسیم کر کے مسلمانوں کی یکجہتی کو پارہ پارہ کر دیا جائے۔

دشمنانِ اسلام نے ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے طرح طرح کے ہتھکنڈے، حربے اور ذرائع اختیار کئے مگر یہ بات انتہائی خوش کن ہے کہ ایسی تمام تر منفی کوششوں کے باوجود وہ مسلمانوں کے بنیادی اِیمانی نکتہ یعنی اُصولِ ختم نبوت کو ختم نہیں کر سکے۔ خلافت راشدہ کے دور سے لے کر آج تک، یہ ایک واحد اُصول ہے کہ ملت اسلامیہ کا ہر شخص باوجود اپنے ذاتی یا نظریاتی شدید اختلافات کے اور ہر قسم کی باہمی رنجشوں اور شخصیاتی ٹکراؤ کے خواہ اس کا تعلق کسی بھی فرقہ اور مسلک سے ہو، ختم نبوت کے معنی، مقصد اوراس کی اہمیت پر یکساں ایمان رکھتا ہے، اس بارے میں ان کے اذہان بالکل واضح، شفاف اور کسی قسم کے ابہام کا شکار نہیں ہیں اور یہ اجماع اُمت کی شان دار اور روشن مثال ہے۔

اس پس منظر کے ساتھ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ قارئین کو مرزا غلام احمد قادیانی کے مذہبی نظریات بالخصوص اس کے وہ پہلو جو قطعی کفریہ ہیں، سے آگاہ کیا جائے۔ قادیان واپس آنے کے بعد مرزا غلام احمد قادیانی نے مذہبی محاذ پر اپنی منفی کوششیں جاری رکھیں اور مختلف اوقات میں اپنے بارہ میں کئی ایک روحانی مناصب کا حامل ہونے کے دعوے کئے، مسلمانوں کے درمیان اس کے بارے میں ہمیشہ بے چینی رہی اور اس میں شدت تب آئی کہ جب مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنے نبی ہونے کا اعلان اور پرچار کیا۔ قادیانیوں کی جغرافیائی پہچان، جس کا ذکر میں نے ابتدائیہ میں کیا ہے، اس اعلان کے بعد طنزیہ مذہبی اصطلاح کی صورت اختیار کر گیا اوراس کے پیروکاروں کو قادیانی، مرزائی کہا جانے لگا۔

اس ضمن میں اس بات کا ذکر ضروری ہے کہ افغانستان سے دو افغانی برٹش ہندوستان آئے اور قادیانیت کا لبادہ اوڑھ کے جب حالت کفر میں واپس افغانستان گئے تو ارتداد کا جرم ثابت ہونے پر انہیں سولی پر لٹکا دیا گیا۔ ان مواقع کا بیان کرنا یوں ضروری ہے کہ اقوام عالم کو یہ بتایا اور باور کرایا جائے کہ مسلمانوں، ان کی ریاستوں اور حکومتوں کو مرزا غلام احمد قادیانی کے برپا کردہ فتنہ مرزائیت سے کس قدر شدید اختلاف ہے۔ مسلمانوں نے مرزا غلام احمد قادیانی کے دعویٰ نبوت سے ہمیشہ اختلاف کیا اور نہایت شدومد

سے اس کی مخالفت کی اور عام لوگوں کو اس کے مکر و فریب پر مبنی دعوؤں مناصب کی اصل حقیقت سے آگاہ کیا۔
یہ بات مسلمانوں میں بلا کسی اختلاف کے تسلیم کی جاتی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر آنحضور نبی اکرم ﷺ تک، اللہ تعالیٰ نے کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء علیہم السلام مبعوث فرمائے یہ بات بہت دلچسپی کی حامل ہے کہ بعثتِ رسولِ مقبول ﷺ سے پہلے مجھے کہیں اس بات کا تذکرہ نہیں ملا کہ کسی شخص نے نبی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کیا ہو، اس کی ایک وجہ جو سمجھ میں آتی ہے وہ یہ کہ تب سلسلہ نبوت ابھی ختم نہیں ہوا تھا اور نئے نبی کے آنے کا امکان رہتا تھا غالباً اسی وجہ سے لوگوں نے نبوت کے جھوٹے دعویٰ سے گریز کیا کیونکہ ایسے جھوٹ کو سچے نبی کی آمد کے ذریعے رَد کیا جاسکتا تھا، اور تب زعم باطل میں مبتلا لوگ جھوٹی خدائی کے دعوے دار ہوتے تھے، مثلاً فرعون، نمرود وغیرہ۔

اب جبکہ نبوت کا سلسلہ ہمیشہ کے لئے بند ہوگیا ہے، وحی نہیں آئے گی اور نہ ہی کوئی نئی امت وجود پائے گی۔ ایسی صورت حال کو سازگار سمجھتے ہوئے، ناپاک ذہنیت، مذہب گریز، دنیاوی طمع اور جاہ وحشم کے خوگر اِنسانوں، اور شیطان کی فریب کاریوں کے زیر اثر افراد، نے ذاتی اثر و نفوذ اور دشمنانِ اسلام کی ریا کاریوں کی ترویج و تائید میں، جھوٹی نبوت کا دعویٰ کرنے کو آسان اور سہل سمجھتے ہوئے، اس راہ کو اختیار کیا اور جھوٹی نبوت کے دعویدار ہوئے۔ جس کی وضاحت خود آنحضرت ﷺ نے اپنی حیاتِ مبارکہ میں فرمادی اور آنے والے وقتوں میں نبوت کے جھوٹے دعوؤں اور ان کی تعداد کی نشان دہی بھی فرمادی۔

خاتم النّبیین (ﷺ) کے نہتے قاصد سے بہیمانہ سلوک

اسلام کے ابتدائی زمانہ میں ہی تین افراد یعنی دو مردوں اور ایک عورت نے نبوت کے دعوے کئے، ان میں سے ایک مسیلمہ کذاب تھا جس کی جانب حضرت حبیب بن زیدؓ کو بطورِ قاصد نبی آخر الزمان محمد مصطفیٰ ﷺ بھیجا گیا، مسیلمہ کذاب کا رسول اللہ ﷺ کے اس صحابی سے مکالمہ تاریخ کا حصہ ہے جو اس کی جرأتِ ایمانی کا عکاس اور شیدائی رسولِ مقبول ﷺ ہونے کا مظہر ہے۔ مسیلمہ نے حضرت حبیبؓ کو عقوبت خانہ میں رکھا، ان پر ظلم کے پہاڑ توڑے گئے۔ اپنے برپا کردہ دربار عام، جس میں اس کے سرکردہ لوگ موجود تھے۔ آپ نے مسیلمہ کے سوالات پر آنحضور حضرت محمد ﷺ کے خاتم النّبیین ہونے کا اقرار کیا اور خود مسیلمہ کا اپنی نبوت کے بارے سوال کے جواب میں نہایت خوبصورت انداز میں یہ کہہ کر انکار کیا کہ میرے کان تمہاری بات سننے سے قاصر ہیں۔ اس جواب پر برافروختہ ہو کر شقی القلب مسیلمہ نے اپنے جلاد سے کہا کہ اس کا ایک بازو کاٹ دو اور ہر ایسے سوال پر وہ یہی جواب دھراتے رہے جس کی وجہ سے ان کے دونوں بازو اور دونوں ٹانگیں کٹ گئیں مگر ان کے پائے ثبات میں ذرا سی بھی لغزش نہ آئی اور وہ حق کی گواہی دیتے ہوئے شہید ہوگئے۔

ختم نبوت کا پہلا شہید

اس طرح سے حضرت حبیب بن زیدؓ نے اپنے نبی حضرت محمد ﷺ کی شانِ ختم نبوت اور اس بارہ میں فرمانِ الٰہی کے تقدس، عظمت اور سربلندی کے لئے اپنی جان قربان کردی اور ختم نبوت پر پہلا شہید ہونے کا لازوال اعزاز حاصل کیا:

خدا رحمت کنند آں عاشقان پاک طینت را

مسیلمہ کذاب کا انجام

بعد ازاں حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے زمانۂ خلافت میں ایک لشکر حضرت خالد بن ولیدؓ کی قیادت میں مسیلمہ کی سرکوبی کے لئے روانہ کیا۔ اس لشکر میں ختم نبوت کے پہلے شہید حضرت حبیب بن زیدؓ کی والدہ محترمہ حضرت اُم عمارہؓ اور بھائی عبداللہ بن زیدؓ شامل تھے۔ جنگ کے دوران حضرت اُم عمارہؓ نے اپنی برچھی اور عبداللہ بن زیدؓ نے تلوار سے مسیلمہ کو زخمی کردیا تھا جبکہ وہ بھاگنے اور چھپنے کے لئے کوشاں تھا، اور بالآخر حضرت وحشیؓ نے اسے قتل کر کے جہنم رسید کیا۔ اس کی ہلاکت کے بعد یہ فتنہ اپنے انجام کو پہنچا۔ نبوت کے دعویدار دوسرے شخص اسود عنسی اور عورت، سجاح بنت حارث نے اپنے اپنے نبوت کے دعوؤں سے دستبرداری اختیار کی اور حضرت محمد ﷺ کے خاتم النّبیین ہونے کی سچائی کو قبول کیا اور ان پر ایمان لائے اور اپنے کذب کو چھوڑ کر اسلام قبول کیا اور ہمیشہ کی لعنت سے خود کو محفوظ کرلیا۔

جس اُصولِ (ختم نبوت) کی حرمت کے لئے اکابرین اسلام نے یہ قربانیاں دیں، کیا مسلمان اسے بھول سکتے ہیں اور اُن کے احکامات سے صرف نظر کر سکتے ہیں؟ ایسا کبھی نہ ہوا ہے اور نہ کبھی ہوگا۔ اگر ایسا وقت کبھی آئے تو ہر مسلمان حبیب بن زیدؓ بننا پسند کرے گا، اور کبھی بھی مرزا غلام احمد قادیانی کے پیروکاروں اور اُس کے دیگر ہم خیالوں کو اپنی صفوں میں شمار کرنے اور گھسنے نہیں دے گا۔ جاری ہے!

ختم نبوت کورس سلطان پورہ لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے زیر اہتمام ۲۶ تا ۲۹ فروری ۲۰۲۴ء چار روزہ ختم نبوت کورس برائے خواتین الجامعۃ العربیہ للبنات سلطان پورہ لاہور میں ہوا جس میں کثیر تعداد میں خواتین اسلام نے شرکت کی۔ کورس میں جے یو آئی کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد امجد خان، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ڈاکٹر عبدالواحد قریشی، مبلغ ختم نبوت مولانا عبدالنعیم، مولانا عبدالعزیز، مولانا سید عبداللہ شاہ، مولانا محمد سلیم، مولانا محمد قاسم گجر، مولانا محمد وکیل و دیگر علماء نے لیکچرز دیئے۔

قادیانیوں سے چند سوالات

قسط نمبر: 11　　　　مولانا عتیق الرحمٰن سیف

۴۶...... قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ اگر جن وانس جمع ہو کر قرآن کی مثل لانا چاہیں تو نہ لاسکیں گے۔ مگر مرزا قادیانی کا دعویٰ ہے کہ میرا کلام قرآن کی مانند خطا سے پاک ہے۔ دیکھئے:

آنچہ من بشنوم زوحی خدا　بخدا پاک دانمش زخطا
ہمچو قرآن منزہ اش دانم　از خطاہا ہمیں است ایمانم

ترجمہ: جو کچھ میں اللہ کی وحی سے سنتا ہوں۔ خدا کی قسم اسے ہر قسم کی خطا سے پاک سمجھتا ہوں۔ قرآن کی طرح میری وحی خطاؤں سے پاک ہے۔ خدا کی قسم یہ کلام مجید ہے خدائے پاک وحدہ کے منہ سے۔
(نزول المسیح ص ۹۹ خزائن ج ۱۸ ص ۴۷۷)

اب قادیانی مریدوں سے سوال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اس قرآن کی مثل دنیا کی کوئی طاقت نہیں لاسکتی۔ مگر مرزا کہے میرا کلام قرآن کی مانند ہے۔ کیا یہ خدا تعالیٰ سے مقابلہ بازی نہیں؟ کیا یہ آیات قرآنیہ کا انکار نہیں؟ چودہ سو سال تک تو کوئی کافر بھی نہ کہہ سکا کہ ہم قرآن کی مانند کلام لاسکتے ہیں۔ عرب کے بڑے بڑے شعراء اس معجز کلام کی مثل لانے سے اپنے آپ کو عاجز قرار دیتے رہے، مگر مرزا قادیانی نے وہ کام کر دکھایا جو کافر بھی نہ کرسکے۔ تو قرآن کا مقابلہ کس نے کیا سابقہ کافروں نے یا مرزا غلام احمد قادیانی نے؟

۴۷...... مرزا قادیانی اور اس کا بیٹا مرزا بشیرالدین محمود آپس میں ہی اختلاف کا شکار ہیں۔ ملاحظہ ہو مرزا کے اقوال: ''مگر نبوت کا دروازہ بند نہ ہوتا تو وہ (یعنی حضرت عمرؓ فاروق) نبی ہو جاتا۔''
(حمامۃ البشریٰ ص ۸۶ خ ج ۷ ص ۳۰۱)

''ایسا ہی آپ نے ''لانبی بعدی'' کہہ کر کسی نئے نبی یا دوبارہ آنے والے نبی کا دروازہ قطعاً بند کر دیا۔'' (ایام الصلح ص ۱۵۲ خزائن ج ۱۴، ص ۴۰۰)

''مگر ختم نبوت کے بعد اسلام میں کوئی اور نبی نہیں آسکتا۔'' (راز حقیقت نوٹ ص ۱۶ خزائن ج ۱۴ ص ۱۶۸)

اب مرزا بشیرالدین محمود کے اقوال بھی دیکھ لیجئے۔ ''یہ بات روز روشن کی طرح ثابت ہے کہ آں حضرت ﷺ کے بعد نبوت کا دروازہ کھلا ہے۔'' (حقیقۃ النبوۃ ص ۲۲۸، انوار العلوم ج ۲ ص ۵۴۲)

’’جو شخص آں حضرت ﷺ کے بعد مسدود نبوت کا قائل ہو وہ لعنتی اور مردود ہے۔‘‘

(حقیقۃ النبوۃ ص ۱۸۷، انوار العلوم ج ۲ ص ۵۰۴)

اب سوال یہ ہے کہ جب مرزا بشیرالدین کی تحریرات کے مطابق مرزا قادیانی لعنتی اور مردود ہیں تو پھر نبی کیوں کر ہوئے؟ اگر کوئی قادیانی کہے کہ مرزا قادیانی نے جو انکار اجرائے نبوت کیا تھا تو یہ ان کا پہلا عقیدہ تھا۔ بعد میں انہوں نے خود نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔

تو پھر سوال یہ ہے کہ جب پہلے مرزا قادیانی آپ کے عقیدے کے مطابق نبوت کا دروازہ بند ہونے کا قائل تھا تو وہ مرزا بشیرالدین کے نزدیک لعنتی اور مردود تو ضرور ہوا۔ اور جو شخص لعنتی اور مردود ہو جائے پھر وہ نبی کیسے ہو سکتا ہے؟

۴۸...... صحیحین میں سیدنا سعد بن وقاصؓ سے روایت ہے کہ آں حضرت ﷺ نے غزوہ تبوک میں جاتے وقت حضرت علیؓ سے فرمایا ’’انت منی بمنزلة هارون من موسیٰ الا انه لانبی بعدی‘‘ کہ آپ ہماری غیر موجودگی میں اسی طرح ہمارے جانشین ہیں جس طرح موسیٰ علیہ السلام کے جانشین حضرت ہارون علیہ السلام تھے اور چونکہ ہمارے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا اس لئے آپ نبی نہیں ہو سکتے۔

مرزا قادیانی کہتا ہے کہ ’’انا ارسلنا الیکم رسولا شاهدا علیکم کما ارسلنا الیٰ فرعون رسولا‘‘ ہم نے تمہاری طرف ایک رسول بھیجا ہے، اسی رسول کی مانند (یعنی صاحب شریعت رسول حضرت موسیٰ علیہ السلام) جو فرعون کی طرف بھیجا گیا تھا۔　(حقیقت الوحی ص ۱۰۱، خزائن ج ۲۲ ص ۱۰۵)

دوسری جگہ کہا کہ ’’میں نبی اور رسول ہوں‘‘ (ملفوظات ج ۱۰ ص ۱۲۷ قدیم) اسی طرح اور بھی بہت ساری کتابوں میں دعاوی نبوت کھلے الفاظ میں موجود ہیں۔

اب قادیانیوں سے سوال ہے کہ تم لوگ تاویل کرتے ہوئے واویلا کرتے ہو کہ مرزا قادیانی نے تشریعی نبوت کا دعویٰ نہیں کیا بلکہ غیر تشریعی نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔ صحیحین کی حدیث سے تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کے بعد حضرت ہارون علیہ السلام جیسی نبوت (غیر تشریعی) بھی کسی کو نہیں مل سکتی اور خود تمام مرزائیوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت ہارون علیہ السلام کی نبوت غیر تشریعی تھی، تو کیا اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آپ ﷺ کے بعد غیر تشریعی نبوت کا دروازہ بھی بند ہو چکا ہے؟

دوسرا اگر کہو کہ مرزا قادیانی فنافی الرسول ہونے کی وجہ سے نوازا گیا تو کیا خلفائے راشدین فنافی الرسول نہیں تھے؟ جو مقام حضرت علیؓ نہ پا سکے وہ مرزا قادیانی نے کیسے پایا؟ کوئی عام فہم دلیل ہے؟

سالانہ ختم نبوت کانفرنس سرائے نورنگ ضلع لکی مروت

مولانا محمد ابراہیم ادہمی

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیراہتمام نورنگ میں سالانہ ختم نبوت کانفرنس ۳مارچ ۲۰۲۴ءکو منعقد ہوئی۔ کانفرنس کی تیاری کے لئے ایک ماہ میں تقریباً ۲۸۰ سے زیادہ چھوٹے بڑے پروگرامات منعقد کئے گئے۔ ۲۴فروری کو عظیم الشان ناموس رسالت ریلی بھی نکالی گئی۔ یکم مارچ نماز جمعہ کے خطبات میں ضلع کی تمام مساجد کے علماء کرام، خطباء عظام اور ائمہ مساجد نے عقیدہ ختم نبوت کے موضوع پر بیانات کئے۔ بوجہ بارش کانفرنس گراؤنڈ کی بجائے جامع مسجد مولانا جمعہ خان المعروف بڑی مسجد میں منعقد ہوئی۔

۳مارچ صبح دس بجے قاری محمد مبشر کی تلاوت قرآن پاک سے کانفرنس کا آغاز ہوا۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے نائب امیر مرکزیہ خواجہ خواجگان مولانا خواجہ عزیز احمد مدظلہ نے صدارت کی۔ نقابت ضلعی ناظم مولانا مفتی ضیاء اللہ، ناظم مالیات مولانا محمد ابراہیم ادہمی نے کی۔ حافظ ابوہریرہ سرگودھا نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ کانفرنس سے ضلع خوشاب ومیانوالی کے مبلغ حضرت مولانا محمد ساجد، صاحبزادہ مولانا خواجہ عزیز احمد مدظلہ، شیخ الحدیث مولانا حسین احمد، مولانا مفتی عبدالغفار، مولانا محمد طیب طوفانی، مولانا آمین اللہ جان، مولانا ماسٹر مولانا عمر خان، جے یو آئی کے مولانا اصغر علی، جامع مسجد اڈہ کے خطیب حضرت مولانا عبدالحمید، مولانا خلیل الرحمٰن، ملتان کے مبلغ مولانا عتیق الرحمٰن اور صوبائی مبلغ مولانا عابد کمال کے بیانات ہوئے۔ ضلع لکی مروت کے امیر مولانا عبدالغفار نے پہلی نشست کی اختتامی دعا فرمائی۔

دوسری نشست کا آغاز نماز ظہر کے بعد خانقاہ سراجیہ کندیاں شریف کے سجادہ نشین، پیرومرشد خواجہ خوجگان حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد مدظلہ کی صدارت میں ہوا۔ قاری نورالامین کی تلاوت کے بعد شاہین ختم نبوت حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ نے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ، رد قادیانیت اور چیف جسٹس کے متازع فیصلہ پر انتہائی مدلل اور ولولہ انگیز بیان ارشاد فرمایا۔ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحیم نے ہزاروں شرکاء کانفرنس کو شرکت کرنے پر مبارکباد پیش کی۔ حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد، حضرت مولانا محمد انور، مولانا عبدالوکیل، اور حضرت مولانا محمد شہاب الدین پوپلزئی مدظلہ کے بیانات ہوئے۔ سٹیج سیکرٹری مفتی ضیاء اللہ نے کی۔ کانفرنس میں علماء کرام کے علاوہ دینی مدارس کے طلباء، سکول کالجز اور یونیورسٹی کے اساتذہ وسٹوڈنٹ، تاجر برادری، معززین علاقہ، سیاسی وسماجی شخصیات، وکلاء برادر اور کوریج کے لئے سوشل، پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں نے بطور خاص شرکت کی۔ مفتی شہاب الدین پوپلزئی کی دعا سے کانفرنس ختم ہوئی۔

۱۸ویں سالانہ ختم نبوت کانفرنس نورنگ کی قراردادیں

آج کی یہ عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس کے شرکاء یہ متفقہ قرارداد منظور کرتے ہیں:

۱...... چیف جسٹس کا حالیہ متنازعہ فیصلہ قران وسنت اور آئین پاکستان کے خلاف ہے۔ مذہبی آزادی کی آڑ میں توہین رسالت ﷺ اور تحریف قرآن کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

۲...... عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت اور مسلمانان پاکستان اس وقت تک جدوجہد جاری رکھیں گے جب تک چیف جسٹس کا حالیہ متنازعہ فیصلہ واپس نہیں لیا جاتا۔

۳...... قادیانیوں کی سہولت کاری بند کرکے ان کو آئینی لگام دے کر پابند کیا جائے۔

۴...... قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے برطرف کیا جائے۔

5...... اسلامی ممالک خاموشی کے بجائے فلسطین میں جاری اسرائیلی مظالم وبربریت کے خلاف عالمی سطح پر آواز اٹھائے اور فلسطینی بھائیوں کا بھرپور جانی مالی سیاسی اور اخلاقی تعاون کریں اور عالمی ادارے جلد از جلد شہری آبادی پر بمباری بند کرنے کی کوشش کریں۔

۶...... مسلم ٹی وی ون اور مسلم ٹی وی ٹو سمیت تمام قادیانی اخبارات وجرائد کو فوری طور پر بند کیا جائے یہ اجتماع عوام الناس سے مطالبہ کرتا ہے کہ قادیانی مصنوعات سمیت تمام قادیانی اداروں کا بائیکاٹ کیا جائے۔

۷...... حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ یوٹیلٹی سٹورز میں قادیانی کمپنی شیزان وغیرہ کی مصنوعات کی فروخت پر پابندی لگائی جائے اور اس کی ترسیل بند کی جائے۔

تحفظ ختم نبوت وامتناع قادیانیت اجلاس فیصل آباد

تاریخ: ۲۵رفروری ۲۰۲۴ء بروز ہفتہ فیصل آباد عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیراہتمام مرکز ختم نبوت جامع مسجد مولانا تاج محمود میں تحفظ ختم نبوت وامتناع قادیانیت کے سلسلہ میں علماء کرام کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں مرکزی علماء کونسل کے چیئرمین صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی، وفاق المدارس کے قاری عزیز الرحمن رحیمی، مولانا سید خبیب احمد شاہ، مفتی محمد حسان طیب، جے یو پی کے مفتی عبدالشکور رضوی، ایم یو سی مولانا اعظم فاروق، جے یو آئی کے مفتی فضل الرحمن ناصر، مبلغ ختم نبوت مولانا عبدالرشید غازی، صاحبزادہ مبشر محمود، مولانا ولی العزیز احسن، مولانا قاری محمد انور، جے یو آئی ف امیدوار ایم پی اے قاری رانا انتظار حسین، مولانا ریاض احمد صدری سمیت علماء، قراء، خطباء حضرات کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ مولانا قاری محمد انور کی دعا سے اجلاس اختتام پذیر ہوگیا۔

جماعتی سرگرمیاں

ادارہ!

ختم نبوت کنونشن احمد پور سیال

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام مورخہ ۱۵؍فروری ۲۰۲۴ء کو مدرسہ سیدنا حسین ابن علیؓ ۵؍مرلہ سکیم سمندوانہ میں ختم نبوت کنونشن منعقد ہوا۔ صدارت جناب رانا جہانزیب علی خان نے کی۔ جبکہ سرپرستی مدرسہ کے مہتمم مولانا پیرجی انیس الرحمٰن نے فرمائی۔ کنونشن سے مولانا صاحب زادہ پیر عتیق الرحمٰن ہزاروی، جامعہ قاسمیہ شرف الاسلام چوک سرور شہید کے مہتمم مولانا عبیداللہ انور اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے راہنماؤں مولانا مفتی محمد راشد مدنی، مولانا عبدالحکیم نعمانی، مولانا پیر عبدالرحمٰن شاہ اور مولانا عبدالخالق بھٹہ سمیت متعدد مقامی علماء کرام اور علاقہ بھر کی سماجی شخصیات نے شرکت وخطاب کیا۔ کنونشن کے آخر میں پیرجی عتیق الرحمٰن نے مجلس ذکر کرائی اور مدرسہ سے فارغ ہونے والے طلباء کی دستار بندی کروائی۔

ختم نبوت کانفرنس قائد آباد

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام قائد میرج ہال قائد آباد میں عظیم الشان فقید المثال آل پارٹیز تحفظ ختم نبوت کانفرنس مؤرخہ ۲۹؍فروری ۲۰۲۴ء بروز ہفتہ بعد نماز عشاء پیر طریقت رہبر شریعت مولانا خواجہ خلیل احمد سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ کندیاں کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ جس سے شاہین ختم نبوت مولانا اللہ وسایا، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، مولانا نور محمد ہزاروی امیر عالمی مجلس سرگودھا، مولانا ابوبکر شاہ شورکوٹ مولانا شعیب احمد، رہنما بریلوی مکتبہ فکر، مولانا حبیب الرحمٰن یزدانی رہنما مرکزی جمعیت اہلحدیث کے خطابات ہوئے۔ کانفرنس کی سرپرستی مولانا منیر احمد نے جبکہ نگرانی مولانا تنویر احمد نے کی۔ اسٹیج کے فرائض مولانا محمد ساجد ضلعی مبلغ اور مولانا تنویر احمد امیر عالمی مجلس قائد آباد نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس کا آغاز مولانا قاری عثمان فاروقی کی تلاوت کلام پاک سے ہوا، ہدیہ نعت مقبول مولانا وقار یونس حسانی حافظ وسیم سرگودھا نے پیش کیا۔ حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب کا تفصیلی خطاب ہوا خطاب میں چیف جسٹس کے فیصلہ کو یکسر مسترد کیا گیا، کانفرنس کا اختتام مولانا مفتی فتح محمد استاذ الحدیث جامعہ علوم شریعہ جوہر آباد کی دعا پر ہوا۔

ختم نبوت کانفرنس کالاباغ میانوالی

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کالاباغ کے زیرِ اہتمام جامع مسجد توحیدی میں مورخہ ۲؍مارچ ۲۰۲۴ء

بروز ہفتہ بعد نماز عشاء عظیم الشان آل پارٹیز تحفظ ختم نبوت کانفرنس حضرت مولانا خواجہ عزیز احمد مدظلہ نائب امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا آغاز قاری محمد دانش کی تلاوت کلام پاک سے ہوا، ہدیہ نعت مقبول حافظ ابوہریرہ سرگودہا اور محمد وسیم شہزاد اٹک نے پیش کیا، کانفرنس سے مولانا شاہ نواز فاروقی گوجرانوالہ، مولانا محمد ساجد ضلعی مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت میانوالی، اہلحدیث مکتبہ فکر کے رہنما مولانا جاوید صدیقی، مولانا عثمان عارف، مولانا ضیاء المصطفی خلیل، رہنما بریلوی مکتبہ فکر مولانا جمیل نایاب کے خطاب ہوئے، نقابت کے فرائض قاری عطاء الحق قاسمی نے ادا کئے۔ کانفرنس میں خواجہ نجیب احمد امیر جمیعت علمائے اسلام میانوالی سمیت علاقہ بھر سے علماء کرام معزز حضرات نے شرکت کی۔ کانفرنس کی کامیابی کے لئے ماسٹر احمد خان صدیقی کی نگرانی میں کارکنان ختم نبوت نے بھرپور کوشش کی۔

ختم نبوت کانفرنس بھسین لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیراہتمام ۵ فروری ۲۰۲۴ء کو سالانہ عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس مرکزی عیدگاہ کھارہ کھوہ روڈ بھسین لاہور میں ولی کامل مولانا محمد حنیف کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما مولانا اللہ وسایا، جے یو آئی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولا محمد امجد خان، جامعہ اشرفیہ کے شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف خان، جامعہ امدادیہ فیصل آباد کے استاذ الحدیث مولانا مفتی محمد اعجاز، مرکزی رہنما مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، سیکرٹری جنرل مجلس لاہور مولانا علیم الدین شاکر، مبلغ لاہور مولانا عبدالنعیم، ڈاکٹر عبدالوحد قریشی پیر رضوان نفیس، ڈاکٹر عبدالواحد قریشی، مولانا خالد محمود، مولانا سعید وقار، قاری ظہور الحق، مولانا عبدالعزیز، سر محمد ارشاد، مولانا محمد عابد حنیف کمبو، مولانا محمد زبیر جمیل، مولانا عبیدالرحمٰن معاویہ، مولانا ابوبکر حسانی، مولانا سمیع اللہ، مولانا الطاف الرحمٰن، مولانا محمد مشتاق لاہوری سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے طبقات نے بھرپور انداز میں شرکت کی۔

ختم نبوت کانفرنس ہربنس پورہ لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیراہتمام سالانہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس ۲۴ فروری ۲۰۲۴ء کو جامع مسجد مہتاب ہربنس پورہ لاہور میں مولانا قاری محمد حنیف کمبوہ کی سرپرستی اور نائب امیر مجلس لاہور پیر میاں محمد رضوان نفیس کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں مرکزی رہنما عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا محبوب الحسن طاہر، مبلغ ختم نبوت مولانا عبدالنعیم، مولانا محمد ایوب صفدر، جامعہ اشرفیہ کے مفتی محمد زکریا، مولانا محمد عابد حنیف کمبوہ، مولانا محمد زید حنیف کمبوہ، مدرسہ کے ناظم حاجی محمد اویس،

قاری ظہورالحق، مولانا اسلام الدین عثمانی، مولانا ابوبکر حسانی، مولانا خالد محمود، مولانا سعید وقار، مولانا محمد امجد سعید، مولانا عبدالشکور توحیدی، قاری بشیر احمد، قاری زبیر اسلم سمیت علماء قراء اور مشہور نعت خواں سمیت کثیر تعداد میں عوام الناس نے شرکت کی۔

ختم نبوت کانفرنس جوہر ٹاؤن لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیراہتمام ۳ مارچ ۲۰۲۴ء کو تحفظ ختم نبوت کانفرنس جامع مسجد ڈی بلاک جوہر ٹاؤن لاہور میں خطیب جامع مسجد ہذا مولانا محمد فاضل عثمانی کی صدارت میں ہوئی۔ کانفرنس میں جمعیت علماء اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد امجد خان، مبلغ ختم نبوت مولانا عبدالنعیم، مولانا عزیز اللہ، مولانا یاسین عابد، قاری خالد محمود کشمیری، حافظ ابوذر عثمانی، حافظ نعمان حامد، مولانا محمد اسلم ندیم نقشبندی، امیر ٹاؤن شپ محمد آصف، سیکرٹری جنرل ٹاؤن شپ مولانا مہتاب فاروق، مولانا عبیدالرحمٰن فیض، مولانا عبدالشکور غازی، مولانا محمد اسلم و دیگر نے شرکت کی۔

سالانہ ختم نبوت کانفرنس حفیظ سنٹر لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت یونٹ حفیظ سنٹر کے زیراہتمام ۵ مارچ ۲۰۲۴ء کو سالانہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس مرکزی جامع مسجد حفیظ سنٹر گلبرگ لاہور میں صدر حفیظ سنٹر یونین، صدر خدمت گروپ محمد فیاض بٹ کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، معروف مصنف محمد متین خالد، بریلوی مکتب فکر کے رہنما ڈاکٹر پروفیسر سعید احمد سعیدی، اہلحدیث رہنما مولانا عمران افضل، ملک محمد کلیم صدر ٹریڈر لیگ، میاں عتیق الرحمٰن اتحاد گروپ، مبلغ لاہور مولانا عبدالنعیم، انچارج ختم نبوت لائبریری مولانا قاری عبدالعزیز، مولانا عمران عمر شہاب، ڈاکٹر عبدالواحد قریشی، میاں رضوان نفیس، مولانا حفیظ الرحمٰن، مولانا مفتی محمد احسن، ختم نبوت یونٹ حفیظ سنٹر کے عہدیداران خالد محمود، شہریار، محمد رضوان، قاری عبدالسلام ثاقب، حافظ محمد ذیشان، سمیت سینکڑوں تاجران حفیظ سنٹر نے شرکت کی۔

ضلع صوابی میں ختم نبوت کی بہاریں

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی راہنما حضرت مولانا مفتی محمد راشد مدنی نے ۱۶ تا ۱۸ فروری ۲۰۲۴ء کو سہ روزہ دورہ صوابی کیا۔ مختلف مقامات پر بیانات ہوئے۔ جن کی مختصر روداد درج ذیل ہے:

۱۶ فروری ۲۰۲۴ء کو خطبہ جمعہ کرنل میر عالم مسجد واقع مینی چوک ٹوپی روڈ ضلع صوابی میں ارشاد فرمایا۔ بعد نماز عشاء جامع مسجد عمار، مانیری گاؤں میں مفصل بیان کیا۔

۱۷فروری ۲۰۲۴ءنماز فجر کے بعد آپ نے دارالعلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث وصدر مفتی پیر طریقت رہبر شریعت حضرت مولانا مفتی محمد فریدؒ کی خانقاہ میں حاضری دی اوران کے مزار پر فاتحہ خوانی کی۔ بعدازاں آپ گورنمنٹ ہائی سکول زروبی کے اساتذہ وطلباء سے عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت اور علامات قیامت پر مغز گفتگو کی۔ بعدازاں حدیقۃ العلوم باجا تشریف لائے۔ وہاں پر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ضلع صوابی کے راہنما مناظر اہلسنت حضرت مولانا مفتی رسال محمد علماء وطلباء کو ’’تحقیق المسائل‘‘ کورس پڑھا رہے تھے۔ آپ نے وہاں پر شرکاء کورس سے دین اسلام کی حقانیت پر مدلل گفتگو کی۔ ختم نبوت چوک بام خیل، ختم نبوت چوک ہام خیل ضلع صوابی میں چند ساتھیوں سے مختصر ملاقات کی اور دعا فرمائی۔ بعد نماز ظہر مسجد غریب بابا کلاہٹ میں بیان ہوا۔ جامعہ شمس العلوم اسلامیہ گاؤں اسماعیلہ میں مغرب کے نماز کے بعد آپ نے بیان کیا۔ رات کا قیام کالوخان میں کیا۔ ۱۸فروری ۲۰۲۴ء بعدازنماز فجر جامع مسجد یادگار مین سٹاپ کالوخان میں آپ کا بیان ہوا۔ تقریباً دس بجے کے قریب آپ نے مدرسہ تحسین القرآن کالوخان میں طلبہ سے مختصر خطاب کر کے دعا کرائی۔ اس کے بعد آپ نے سالانہ ختم نبوت کانفرنس طوطائی ضلع بونیر میں شرکت کی۔ کانفرنس حضرت مولانا سیز علی خان کے زیر سرپرستی منعقد ہوئی۔ ختم نبوت کانفرنس طوطائی ضلع بونیر سے خطاب کے بعد آپ کا دورہ اختتام کو پہنچا۔ اس سارے سفر میں آپ کے شاگرد مولانا انوار اللہ حقانی آپ کے خادم کی حیثیت سے آپ کے ساتھ رہے۔

آل پارٹیز ناموس رسالت کنونشن لاہور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی دعوت پر ۲۲فروری ۲۰۲۴ءکو سپریم کورٹ کے متنازعہ فیصلے کیخلاف آل پارٹیز اجلاس دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں منعقد ہوا۔ تمام مکاتب فکر نے بھرپور نمائندگی کی۔ اجلاس میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، جے یو آئی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد امجد خان، جماعت اسلامی کے رہنما فرید احمد پراچہ، مسلم لیگ ن کے نومنتخب ایم پی اے مولانا محمد الیاس چنیوٹی، قرآن وسنت موومنٹ کے چیئرمین علامہ ابتسام الٰہی ظہیر، مرکزی جمعیت اہلحدیث کے رہنما مولانا بابر فاروق رحیمی، بریلوی مکتب فکر کے مولانا خواجہ غلام دستگیر فاروقی، جامعہ اشرفیہ کے مفتی شاہد عبید، مولانا عبدالرؤف فاروقی، متحدہ اہلحدیث کے رہنما نعیم بادشاہ، مبلغ لاہور مولانا عبدالنعیم، میاں رضوان نفیس، مولانا علیم الدین شاکر، مولانا خالد محمود، ڈاکٹر عبدالواحد قریشی، سیکرٹری جنرل پنجاب حافظ نصیر احمد احرار، مولانا محمد اشرف گجر، مرکزی علماء کونسل کے سیکرٹری مولانا شاہنواز فاروقی، اتحاد العلماء مولانا عبدالمالک حیات، پاکستان شریعت کونسل کے مولانا محمد عثمان رمضان سمیت مختلف جماعتوں

کے نمائندگان، علماء اور وکلاء نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تمام مکاتب فکر کی طرف سے متفقہ اعلامیہ جاری کیا گیا، جس میں کہا گیا کہ ہم سپریم کورٹ کے متنازعہ فیصلے کو یکسر مسترد کرتے ہیں۔

واقعہ اچھرہ لاہور

گزشتہ دنوں اچھرہ پاکستانی چوک میں ایک نہایت افسوسناک واقعہ پیش آیا، دوپہر تقریباً سوا ایک بجے کچھ لوگوں نے ایک خاتون کو دیکھا جس نے عربی حروف والا سوٹ زیب تن کیا ہوا تھا، انہوں نے خاتون کو روکا اور اس سے اس سوٹ کے بارے میں معلومات لیں، بحث ومباحثے میں دیکھتے ہی دیکھتے کافی ہجوم اکٹھا ہوگیا اور وہاں نعرے بازی ہونے لگی، لوگوں نے قریبی جامع مسجد مولانا احمد علی لاہوری کے خطیب مولانا قاری علیم الدین شاکر جنرل سیکرٹری عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کو مسجد جاکر اطلاع دی کہ پاکستانی چوک میں کافی ہجوم جمع ہے اور حالات خراب ہونے کا خدشہ ہے جس پر مولانا فوری موقع پر پہنچے اور مشتعل افراد سے خطاب کر کے ان کو خاتون سے دور کیا اور ایک چھوٹی دکان میں خاتون کو داخل کر کے اس کے شٹر ڈاؤن کردئے، حالات کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے مولانا بار بار مجمع کو دور رہنے کی تاکید کرتے اور خطاب کرتے کہ اس کی تحقیق تھانے چل کر ہوگی لہذا کوئی قانون کو ہاتھ میں مت لے۔

اسی اثناء میں پولیس جس میں اے ایس پی شہر بانو قابل ذکر ہیں وہ موقع پر آئیں اور مولانا علیم الدین شاکر سے خاتون کے لئے دکان سے گاڑی تک راستہ بنوانے کی درخواست کی جس پر فوری راستہ بنایا گیا اور خاتون کو بحفاظت تھانے لے جایا گیا، تھانے میں مقامی افراد بھی کافی تعداد میں آچکے تھے لہذا اس موقع پر پولیس نے وہ کپڑا عوام کے آگے ٹیبل پر رکھا کہ آخر دیکھا جائے اس میں ایسا کیا ہے جس کی وجہ سے عوام مشتعل ہوئی، عوام عورت کے خلاف پرچہ کاٹنے پر اصرار کرتی رہی تاہم پولیس نے حالات کا اندازہ لگاتے ہوئے عوام کو باہر نکال کر مولانا علیم الدین شاکر کی سربراہی میں علماء کا وفد تشکیل دیا۔ جس میں ان سے تحقیق کی درخواست کی گئی، علماء کے وفد نے پولیس کو بتایا کہ اس میں کوئی متنازع الفاظ نہیں ہیں اور اس پر کوئی پرچہ نہیں بنتا، پولیس نے علماء کی خاتون سے ملاقات بھی کروائی جس میں خاتون نے بھی بتایا کہ اس نے یہ سوٹ دبئی سے لیا تھا، ملاقات کے آخر میں ایک ویڈیو اے ایس پی صاحبہ، علماء اور خاتون کو بٹھا کر ریکارڈ کی گئی جو سوشل میڈیا پر وائرل ہے، ویڈیو پولیس، علماء اور خاتون تینوں کی موجودگی میں بنانے کا مقصد یہ تھا کہ مشتعل ہجوم کو پیغام دیا جاسکے اس میں گستاخی کا کوئی عنصر نہیں اور خاتون زندگی آزادی سے گزار سکے اور کوئی خطرات لاحق نہ ہوں۔ اس دن سانحہ سے بچ جانا ایک معجزہ تھا جو عوام کی کم عقلی کی وجہ سے پیش آیا۔

اکتیسواں ختم نبوت کورس چناب نگر ...... مدارس وشرکاءکرام

مولانا محمد وسیم اسلم

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان کے زیر اہتمام مسلم کالونی چناب نگر ضلع چنیوٹ میں امسال اکتیسواں سالانہ تحفظ ختم نبوت کورس ۷رفروری تا ۲۱رمارچ ۲۰۲۴ء منعقد ہوا۔ چناب نگر میں یہ کورس ۱۹۹۵ء میں شروع ہوا۔ کورس میں دوسوباسٹھ (۲۶۲) مدارس کے گیارہ سواٹھتر (۱۱۷۸) طلباء کرام نے شرکت کی۔ شرکاء کورس کے نام محفوظ کرنے کے لئے ''ماہنامہ لولاک'' میں ہر سال فہرست شائع ہوتی ہے۔ پہلے عام رائج الخط میں فہرست دینے سے کئی صفحات صرف ہوتے رہے۔ اب گزشتہ دوسال سے یہ ترتیب قائم کی گئی ہے کہ فہرست کا خط باریک اور تین کالم بنا کر شائع کی جاتی ہے، تاکہ اسمائے گرامی پر صفحات کم سے کم صرف ہوں۔ جن طلباء کرام کے خارجہ ہوئے، ان کے نمبر شمار والے خانہ میں (خارج) لکھ دیا گیا ہے۔ ذیل میں شرکاء کورس کے نام ملاحظہ فرمائیں:

شمار	نام	ولدیت	ضلع
